درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ / بذریعہ درخواست دہندہ صنوبری دریشانی بنسبت منقول / غیر منقول جائیداد متوفی نور محمد شناختی کارڈ نمبر 5140311945901 موصول ہوئی ہے۔ مزکورہ ذیل متوفی کے ورثان ظاہر کیے گئے ہیں 1.صنوبری(زوجہ) برگاہ درخواست ہذا میں عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست گزار ہو تو وہ بذات خود اس نوٹس کی اشاعت کے چودہ (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA KHUZDAR ONEAPP

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ / بذریعہ درخواست دہندہ فیض بزنجو دریشانی بنسبت منقول / غیر منقول جائیداد متوفی غلام حیدر شناختی کارڈ نمبر 5140245454205 موصول ہوئی ہے۔ مزکورہ ذیل متوفی کے ورثان ظاہر کیے گئے ہیں 1.دین محمد جان(بیٹا) 2.شعیب حیدر(بیٹا) 3.شاہ بی بی(بیٹی) 4.عبدالناصر(بیٹا) 5.منصور احمد(بیٹا) 6.فیض بزنجو(بیٹا) 7.ممتاز بیگم(زوجہ) 8.ماہ نیم(بیٹی) برگاہ درخواست ہذا میں عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست گزار ہو تو وہ بذات خود اس نوٹس کی اشاعت کے چودہ (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA KHUZDAR ONEAPP

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ / بذریعہ درخواست دہندہ مراد بی بی دریشانی بنسبت منقول / غیر منقول جائیداد متوفی خیر محمد شناختی کارڈ نمبر 5230263987283 موصول ہوئی ہے۔ مزکورہ ذیل متوفی کے ورثان ظاہر کیے گئے ہیں 1.مراد بی بی(زوجہ) برگاہ درخواست ہذا میں عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست گزار ہو تو وہ بذات خود اس نوٹس کی اشاعت کے چودہ (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA PANJGUR ONEAPP

PID(I)1362/26

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو، پرنٹر و پبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد

ٹیلی فون نمبر 2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر 2835934-2830228

mashriqqta2008@gmail.com ای میل

منگل 11 اگست 2026ء

شفاف ٹیکس نظام، معاشی استحکام اور قومی ترقی کی جانب اہم پیش رفت

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ایف بی آر اصلاحات پر عملدرآمد مزید تیز اور ان لینڈ ریونیو کے نئے جدید فیس لیس نظام کی برق رفتار تکمیل کی ہدایت کی ہے جبکہ اچھی شہرت کے حامل اور ایماندار افسران اور اہلکاروں کی تعیناتی یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی ہے۔ [illegible]

لیکن جائز کاروبار کرنے والے شہری اور صنعت کار کو غیر ضروری مشکلات کا سامنا کرنا پڑے۔ یہی توازن ٹیکس اصلاحات کو عوام اور کاروباری برادری کے لئے قابل قبول بنائے گا۔ وزیراعظم کی جانب سے تمام حساس آسامیوں پر اچھی شہرت کے حامل اور ایماندار افسران و اہلکاروں کی تعیناتی کی ہدایت بھی ایف بی آر اصلاحات کا نہایت اہم پہلو ہے۔ کسی بھی ادارے کی کارکردگی صرف قوانین، عمارتوں اور ٹیکنالوجی سے نہیں بلکہ اس میں کام کرنے والے افراد کی صلاحیت، دیانت اور پیشہ ورانہ رویئے سے بھی وابستہ ہوتی ہے۔ اگر جدید نظام کو پرانے غیر شفاف طریقہ کار یا غیر ذمہ دارانہ رویوں کے ساتھ چلایا جائے تو بہترین اصلاحات بھی مطلوبہ نتائج نہیں دے سکتیں۔ اس لئے ایف بی آر میں میرٹ، دیانت اور پیشہ ورانہ اہلیت کو بنیادی اصول بنایا جانا چاہئے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت ان اصلاحات کو کسی ایک حکومت یا سیاسی دور کی محدود کامیابی بنانے کے بجائے قومی معاشی اصلاحات کے مستقل پروگرام کے طور پر آگے بڑھائے۔ سیاسی حکومتیں آتی جاتی رہتی ہیں، لیکن مضبوط ادارے، شفاف نظام اور موثر ٹیکس انتظامیہ ملک و قوم کی مستقل ضرورت ہے جسے محسوس کرتے ہوئے وقت کی ضرورتوں اور حالات کے تقاضوں سے ہم آہنگ اقدامات اور اجتماعی کاوشیں ناگزیر ہیں۔

حکومتی حلقوں سے ستے خیراں کی امید

برملا — نصرت جاوید

نفسیاتی امراض کی ایک قسم انگریزی میں Mood Swings کہلاتی ہے۔ سادہ ترین الفاظ میں اسے اردو کے "پل میں تولہ پل میں ماشہ" کا عملی اظہار سمجھ لیجئے۔ عرصہ ہوا طے کر چکا ہوں کہ ہم بطور قوم اس مرض کا شکار ہیں۔ اپنی بات ثابت کرنے کے لئے کسی اور مثال کی ضرورت نہیں۔ چند ہی دن قبل ملک بھر میں چھائی بے چینی یاد کر لیجئے جو وفاقی کابینہ کے معتبر و موثر ترین رکن جناب محسن نقوی صاحب نے نہایت اہتمام سے سجائی کاروباری افراد کی ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بھڑکائی تھی۔

نظر بظاہر اپریل 2022ء سے متعارف کردہ حکومتی بندوبست کو انہوں نے اپنے خطاب میں مفلوج ٹھہراتے ہوئے متبادل کی تلاش پر زور دیا۔ ریگولر اور سوشل میڈیا اس کے بعد ہیجانی انداز میں سعادت حسن منٹو کے منگو کوچوان کی طرح "نیا قانون" ڈھونڈنے لگا۔ اضطرابی کیفیات قابو سے باہر ہونے لگیں تو نقوی صاحب ہی نے اپنی پسند کے دو صحافیوں سے "سرراہ ملاقات" میں وضاحت فرمادی کہ جس نظام کو انہوں نے "گلا سڑا" ٹھہرایا تھا وہ کم از کم سات دہائیوں سے وطن عزیز پر مسلط ہے۔ اس کا متبادل تلاش کرنے میں وقت درکار ہے۔ موجودہ بندوبست، حکومت لہٰذا کہیں نہیں جا رہا۔ وزیر اعظم شہباز شریف اپنی آئینی مدت مکمل کریں گے۔

ایک فلمی گیت کے مطابق جس نے درد دیا تھا (یعنی محسن نقوی صاحب) اسی نے دوا دی اور ہم سب کی تسلی ہوگئی۔ ہمارے مطمئن ہونے کے دو یا تین دن بعد وزیر اعظم فیلڈ مارشل سمیت سعودی عرب روانہ ہوگئے۔ وہاں ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان بھی تشریف لائے۔ دنیا بھر کے مسلمانوں کے لئے مقدس ترین شہر مکہ میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے مابین "ایک پر حملہ سب پر حملہ تصور کیا جائے گا" والا تاریخی معاہدہ ہوگیا۔ ہم اسے "مسلم نیٹو" کی ابتداء پکارتے ہوئے بھنگڑے ڈالنا شروع ہوگئے۔ خوشی کے شادیانے بجاتے ہوئے اس حقیقت کو بھی نظرانداز کر دیا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے سرکاری ترجمان صراحت سے دہراتے چلے جا رہے ہیں کہ ان کے مابین ہوا "میثاق مکہ" کسی تیسرے ملک کے خلاف نہیں۔ یہ

محض فوجی اتحاد نہیں بلکہ تینوں ممالک کے مابین سفارتی اور اقتصادی میدانوں میں بھی وسیع تر اشتراک کی راہ بنائے گا۔ تینوں کے سیاسی استحکام اور معاشی خوشحالی کے لئے مگر مشرق وسطیٰ میں امن یقینی بنانا ہوگا اور "میثاق مکہ" نے تینوں ممالک کے اتحاد کی بدولت اس کا عہد حکومتی حلقوں سے "ستے خیراں" کی امید باندھ رہا ہے۔ ریگولر اور سوشل میڈیا پر چھائے "ذہن ساز" مگر "میثاق مکہ" کو "مسلم نیٹو" کے قیام کی جانب پہلا قدم قرار دینے کو ڈٹے ہوئے ہیں۔ دفاعی امور کی نزاکتوں کے حوالے سے قطعی جاہل ہوتے ہوئے "میثاق مکہ" کا تفصیلی جائزہ میرے لئے ممکن نہیں۔ کئی دنوں سے ویسے بھی اعتراف کئے جا رہا ہوں کہ پرانی وضع کا صحافی ہوتے ہوئے میں آج کے ہیجانی دور کے بارے میں تبصرہ آرائی کے قابل نہیں رہا۔ اسی باعث محسن نقوی صاحب کے اضطراب بھڑکانے والے خطاب کے بعد نئے صوبوں یا انتظامی یونٹوں کے قیام کے بارے میں کوئی رائے بنا نہ سکا۔ قارئین کو فقط یہ یاد دلانے پر اکتفا کیا کہ ماضی میں بھی متعدد بار ہمارے ہاں "گلے سڑے" نظام کا متبادل تلاش کرنے کی کاوشیں ہوئی ہیں۔ وہ سب ناکام رہیں اور بالآخر کولہو میں جتے بیل کی طرح ہم "آنے والی تھاں" ہی پر واپس لوٹ آیا کرتے ہیں۔ صوفی تبسم کے بقول "دیکھے ہیں بہت ہم نے..." والی بات سمجھانے کے لئے بطور صحافی ماضی میں نظام کو بدلنے کی کاوشوں کے حوالے سے چند مشاہدات مختلف کالموں کے ذریعے آپ کے سپرد کرے۔ قارئین کی اکثریت نے انہیں سراہا۔ سوشل میڈیا مگر "دفتر بے منزل" کے قبضے میں ہے۔ اپنی عزت محفوظ رکھنے کے لئے اس سے گریز ہی میں عافیت ہے۔ کالم مگر ٹویٹر جو اب ایکس (X) کہلاتا ہے پر پوسٹ نہ ہو، فیس بک پر نظر نہ آئے تو لوگ آپ کو صحافی تسلیم نہیں کرتے۔ "کالم نگاری" دور حاضر میں فقط اخبار کے صفحات تک ہی محدود رہے تو اسے لکھنے والا گمنامی کے کنوئیں میں غائب رہے گا۔ صبح اٹھتے ہی قلم اٹھا کر زبان و بیان درست رکھتے ہوئے اپنی بات لفظوں کے ذریعے سمجھانا نہایت مشقت کا طلب گار ہے۔ موبائل فون کے ذریعے آپ یوٹیوب کا پلیٹ فارم استعمال کرتے ہوئے برجستہ گفتگو کرتے ہوئے من کی بات کالموں کے مقابلے میں کہیں زیادہ لوگوں تک پہنچا سکتے ہیں۔

دلی کا مغل دربار تاریخی جبر کی بدولت سات سمندر پار سے آئی "کمپنی" کے سامنے ڈھیر ہوگیا تو سرسید احمد خان نے نہایت لگن سے دلی کی مسلمان اشرافیہ کی برسوں سے تشکیل کردہ ثقافت کی تاریخ زندہ رکھنے کے لئے "آثار الصنادید" کے عنوان سے ایک تحقیقی کتاب مرتب کی۔ اسداللہ غالب سے اس کا دیباچہ لکھنے کی فرمائش کی۔ بڑھاپے کی وجہ سے مضمحل ہوئے غالب نے نوجوان احمد خان کو نہایت شفقت سے سمجھایا کہ ماضی کی ماتم کنائی کے بجائے مستقبل پر توجہ دو۔ اس سوال کا جواب تلاش کرو کہ ہر شے کو خاکستر کر دینے والی آگ سے نکلی بھاپ کو برطانیہ نے بحری جہازوں اور ریل کے ذریعے دنیا فتح کرنے کے لئے کس طرح استعمال کیا۔ احمد خان کی تسلی کے لئے دیباچہ اگرچہ لکھ دیا۔ غالب کی سمجھائی بات نوجوان احمد خان نے گرہ سے باندھ لی۔ اپنی قوم کو مستقبل کے لئے تیار کرنے میں جت گئے۔ غالب نے البتہ "متروک" طرز شاعری کو خیرباد نہ کہا۔ اسی کے ذریعے "کعبہ میرے پیچھے ہے کلیسا میرے آگے" والے جیسے شعر کہتے رہے۔ دل کی بھڑاس نکالنے کو اپنی چارپائی پر نیم دراز ہوئے دوستوں کو خطوط لکھا کرتے۔ عمر تمام غالب کو مسلسل پڑھنے کے باوجود میں آج بھی طے نہیں کر سکا کہ ان کی شاعری ذہن کو نئے امکانات ڈھونڈنے کو اکساتی ہے یا خطوط۔ زمانہ تیزی سے بدل رہا ہو تو تبصرہ نگار کو نہایت محتاط رہنا پڑتا ہے۔ "بیہودہ عمارتوں" کو "نئے" کی تعمیر کی خاطر مسمار کرتا "بل ڈوزر" ہمیشہ عجلت میں ہوتا ہے۔ وہ چیزوں کو بچانے نہیں منانے کے لئے حرکت میں آتا۔ اسی باعث ناقابل تقلید تخلیقی ذہن کے مالک غالب "کچھ نہ سمجھے خدا کرے کوئی" والی دعا مانگا کرتے تھے۔ استعاروں میں بات سمجھانے کے ہنر سے زبردستی "کالم نگار" ہوا یہ خاکسار مگر یکسر محروم ہے۔ "گلے سڑے" نظام کا متبادل تلاش کرنے کی ماضی میں ہماری حکمران اشرافیہ کی جانب سے جو کوششیں ہوئیں ان کے مشاہدے کی بدولت ذہن میں جمع ہوئی یادوں کو آپ کے روبرو پیش کرنا درحقیقت استعاروں کے ذریعے اپنی بات سمجھانے کی کوشش ہے۔ فاسٹ فوڈ کے عادی ہوئے سوشل میڈیا کی گلی میں اتراتے تلنگے مگر نہایت رعونت سے تقاضہ کرتے ہیں کہ کھل کر لکھو کہ یہ حکومت جا رہی ہے یا نہیں۔ حکومت کو مگر محسن نقوی صاحب اس کا طاقتور ترین حصہ ہوتے ہوئے بھی کہیں نہیں بھیج رہے۔ میرے پاس "مستند ہے آپ کا فرمایا ہوا" لکھنے کے سوا اور کوئی راستہ نہیں۔ "ستے خیراں" کی امید ہی باندھوں گا۔ حکومتی حلقوں سے "ستے خیراں" کے گماں میں جتا چند لمحات کو اہم مضحکہ خیز انجام کے لمحات میں بھی دیکھا ہے۔ 6 اگست 1990ء کی صبح سے شام تک ایسے ہی کئی مناظر دیکھے۔ یاد رہے یہ وہ دن ہے جب صدر غلام اسحاق خان نے آئین کی آٹھویں ترمیم کے تحت ملے اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے محترمہ بے نظیر بھٹو کی پہلی حکومت کو برطرف کیا تھا۔ جو دیکھا اسے آئندہ کالم میں بیان کروں گا۔

مکہ معاہدہ: علاقائی سکیورٹی کا ایک نیا ڈھانچہ

احوال عالم — ڈاکٹر علی یونس امیری

سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان گزشتہ ہفتے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط ہمارے خطے کے لیے ایک تاریخی پیش رفت تھی۔ جب ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان، ترک صدر رجب طیب اردوغان اور پاکستانی وزیراعظم شہباز شریف مکہ مکرمہ میں اکٹھے ہوئے تو انہوں نے عالم اسلام کی تین طاقتور ترین ریاستوں کے درمیان ایک اجتماعی دفاعی فریم ورک قائم کیا۔ اس کا بنیادی ذمہ داری واضح ہے: ایک ملک پر مسلح حملہ سب پر حملہ تصور کیا جائے گا۔ اس کا مقصد بھی اتنا ہی واضح ہے: جارحیت کی روک تھام، اجتماعی سکیورٹی کو مضبوط بنانا اور خطے میں پائیدار امن کے قیام میں کردار ادا کرنا۔ عوامی ردعمل نے اس موقع کی اہمیت کی بھرپور عکاسی کی۔ سعودی عرب، پاکستان اور ترکی میں فخر اور خوشی کی لہر دوڑ گئی کیونکہ لوگوں نے اپنے رہنماؤں کو ایک ایسے وقت میں متحد ہوتے دیکھا جب خطہ غیر معمولی مشکلات سے گزر رہا ہے۔ سعودی عرب اور پاکستان پہلے ہی ایمان، تاریخ اور کئی دہائیوں پر محیط یکجہتی پر مبنی ایک غیر معمولی تعلق کے حامل ہیں جبکہ ترکی کے بھی دونوں ممالک کے ساتھ گہرے تاریخی اور عوامی روابط ہیں۔ مکہ نے اب ان تعلقات کو ایک نئی اور طاقتور تزویراتی شکل دے دی ہے۔ کچھ بیرونی مبصرین نے جلدی میں اس معاہدے کو "مسلم نیٹو" یا ایک نئے سنی اتحاد کا نام دیا۔ دونوں تشریحات اس کے اصل مقصد کو سمجھنے میں ناکام رہتی ہیں۔ یہ معاہدہ ایران، اسرائیل یا کسی اور ملک کے خلاف نہیں ہے۔ نہ یہ فرقہ وارانہ اتحاد ہے اور نہ ہی ہتھیاروں کی نئی دوڑ کا آغاز۔ یہ تین خودمختار ریاستوں کے درمیان ایک دفاعی معاہدہ ہے جنہوں نے اپنے علاقائی سکیورٹی ماحول کو تیزی سے بگڑتے ہوئے دیکھا اور مستقبل کی جارحیت کو روکنے کی اپنی صلاحیت بڑھانے کا فیصلہ کیا۔ وہ جنگ نہیں چاہتے لیکن امن کے دفاع کے لیے متحد رہنے کے عزم پر قائم ہیں۔ اس معاہدے کے وقت نے قدرتی طور پر توجہ حاصل کی کیونکہ یہ ایران سے جاری تنازع کے دوران طے پایا۔ تاہم وقت کو اس کی اصل وجہ نہیں سمجھنا چاہیے۔ اس حوالے سے تفصیلی مشاورت کئی برسوں سے جاری

تھی۔ گزشتہ ستمبر میں ہونے والا سعودی پاکستان تزویراتی باہمی دفاعی معاہدہ نصف صدی سے زائد عرصے پر محیط دفاعی تعاون کا نتیجہ تھا جبکہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان بھی طویل اور وسیع فوجی تعلقات موجود ہیں۔ اسی طرح سعودی عرب اور ترکی کے دفاعی تعاون میں بھی نمایاں وسعت آئی ہے۔ ترکی کی شمولیت موجودہ تنازع کا اچانک نتیجہ نہیں تھی۔ البتہ اس بحران نے پہلے سے جاری عمل کو تیز کر دیا کیونکہ اس نے نہایت واضح انداز میں ظاہر کر دیا کہ مضبوط اور منظم علاقائی تعاون کیوں ضروری ہو چکا ہے۔ یہی وہ مقام ہے جہاں ولی عہد کی متحرک اور دور اندیش قیادت خصوصی اعتراف کی مستحق ہے۔ قیادت کا حقیقی امتحان بحران کے وقت ہوتا ہے، جب شدید دباؤ میں فیصلے کرنا پڑتے ہیں اور ان کے نتائج آنے والی کئی دہائیوں کا رخ متعین کر سکتے ہیں۔ ایک دانش مند رہنما کو تاریخ کے اسباق سمجھنے، حال کے حقائق کو جاننے اور مستقبل کی تیاری کے لیے بصیرت رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ ولی عہد نے عین یہی خصوصیات دکھائی ہیں۔

گزشتہ سال پاکستان کے ساتھ سٹریٹجک باہمی دفاعی معاہدہ کرنے کا ان کا فیصلہ بعد میں پیش آنے والے واقعات کی روشنی میں مزید دوراندیش ثابت ہوتا ہے۔ مکہ معاہدہ اسی وژن کو مزید وسعت دیتا ہے کیونکہ اس کے ذریعے ترکی کو ایک ایسے وسیع فریم ورک میں شامل کیا گیا ہے جو تینوں ممالک کی سکیورٹی کو مضبوط بنانے اور علاقائی استحکام میں مدد دینے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ موجودہ تنازع کے دوران ان کی قیادت بھی اتنی ہی اہم رہی۔ جیسے جیسے جنگ پھیلتی گئی اور کشیدگی کے بڑھنے کا خطرہ بڑھتا، سعودی عرب کو شدید دباؤ کا سامنا کرنا پڑا۔ اس کے باوجود ولی عہد نے غیر معمولی سٹریٹجک صبر کا مظاہرہ کیا اور مملکت یا پورے خلیجی خطے کو ایسی جنگ میں گھسیٹے جانے سے روکے رکھا جس کا انہوں نے نہ آغاز کیا تھا اور نہ ہی وہ اس کے خواہش مند تھے۔ سعودی عرب نے اپنی خودمختاری کا دفاع کیا، اپنے قومی مفادات کا تحفظ کیا اور سفارتی کوششوں کی حمایت کی، مگر تحمل کو کمزوری نہیں بننے دیا۔ جب بدلتے ہوئے سکیورٹی ماحول نے ایک مضبوط اور زیادہ پائیدار جواب کا تقاضا کیا تو وہ جواب مکہ میں سامنے آیا۔ یہ جنگ پر جذباتی ردعمل نہیں تھا بلکہ ایسی قیادت کا اقدام تھا جو بحران سے سبق سیکھنے اور مستقبل کی تیاری کے لیے پرعزم تھی۔ وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان نے اس معاہدے کو ایک طویل المدتی شراکت داری قرار دیا ہے جو "روک تھام، ہم آہنگی اور انضمام" کو مضبوط بناتی ہے۔ ان الفاظ کی بنیاد تجربے پر ہے۔ موجودہ تنازع سے پہلے بھی سعودی اور پاکستانی دفاعی رابطہ انتہائی مضبوط تھا اور تنازع کے دوران اس کی اہمیت مزید بڑھ گئی۔ شہزادہ خالد نے پاکستان کی عسکری قیادت، خصوصاً فیلڈ مارشل عاصم منیر، کے ساتھ قریبی رابطہ برقرار رکھا جبکہ سعودی عرب، پاکستان اور ترکی کے درمیان فوجی روابط مسلسل فروغ پاتے رہے۔ حالیہ مہینوں کے تجربے نے اس قریبی سیاسی اور فوجی مشاورت کی اہمیت کو نمایاں کیا۔ مکہ معاہدہ اب اسے زیادہ مضبوط اور دیرپا بنیاد فراہم کرتا ہے۔ تینوں ممالک جو صلاحیتیں ایک ساتھ لا رہے ہیں وہ قابل ذکر ہیں۔ سعودی عرب کے پاس بڑھتی ہوئی دفاعی صلاحیتیں، معاشی طاقت اور خلیج، بحیرہ احمر اور وسیع عرب دنیا کو جوڑنے والی اہم جغرافیائی حیثیت موجود ہے۔ ترکی خطے کی مضبوط ترین افواج میں سے ایک اور ایک ترقی یافتہ دفاعی صنعت کا حامل ہے۔ پاکستان مسلم دنیا کی انتہائی تجربہ کار اور پیشہ ور مسلح افواج کے ساتھ ساتھ دونوں ممالک کے ساتھ کئی دہائیوں پر محیط دفاعی تعاون کی میراث لاتا ہے۔ انٹیلی جنس معلومات کا تبادلہ، مشترکہ مشقیں اور تربیت، بحری سکیورٹی، انسداد دہشت گردی، فضائی اور میزائل دفاع، سائبر سکیورٹی، لاجسٹکس، جدید ٹیکنالوجیز اور مشترکہ دفاعی پیداوار ایسے تمام شعبے ہیں جن میں تعاون مزید گہرا ہو سکتا ہے۔ معاہدے کے تحت تجویز کردہ ادارہ جاتی طریقہ کار باقاعدہ رابطہ یقینی بنا سکتے ہیں اور تینوں ممالک کو خطرات کے بحران میں تبدیل ہونے سے قبل مشترکہ تیاری کا موقع فراہم کر سکتے ہیں۔ اس فریم ورک کا مرکزی نکتہ اجتماعی دفاع کی شق ہے۔ یہ اعلان کرتے ہوئے کہ تینوں ممالک میں سے کسی ایک پر مسلح حملہ سب پر حملہ تصور ہوگا، معاہدہ ایک دوسرے کی سکیورٹی اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کے حوالے سے ان کے عزم میں کسی قسم کا ابہام باقی نہیں چھوڑتا۔ اس عزم پر کس طرح عمل کیا جائے گا، یہ متعلقہ صورت حال اور ضروریات پر منحصر ہوگا، تاہم اصول بالکل واضح ہے: ایک پر جارحیت تینوں کی اجتماعی ذمہ داری کو متحرک کرے گی۔

اس شق کی سب سے بڑی کامیابی یہی ہوگی کہ اس کی ساکھ ایسی ہو کہ اسے کبھی استعمال کرنے کی ضرورت ہی پیش نہ آئے۔ یہی دراصل دفاعی روک تھام کا جوہر ہے:

امن اور سفارت

خیال حمید — حمید اللہ بھٹی

بداعتمادی ہی طاقت کا توازن اپنے حق میں کرنے جیسی کوششوں کی بنیاد بنتی ہے جو معاشی مفادات اور سیاسی رقابتوں کا موجب ہوتی ہیں لہٰذا کہہ سکتے ہیں کہ جنگوں کا آغاز اچانک نہیں ہوتا جب تک توپوں کی گھن گرج کے لیے باقاعدہ ماحول نہ بنایا جائے البتہ سفارت کاری کی میزیں لگی رہیں تو امن قائم رہتا ہے مذاکرات کی زبان خاموش ہو تو بارود کو بولنے کا موقع ملتا ہے امریکہ اور ایران کے درمیان جاری کشیدگی اور فوجی تصادم اسی تلخ حقیقت کی طرف اشارہ ہے۔ یہ تنازع صرف دو ریاستوں تک محدود نہیں رہا بلکہ سارے مشرق وسطیٰ پر اثرانداز ہو رہا ہے عالمی معیشت و امن کے لیے امتحان بن چکا ہے اس کا حل صرف یہ ہے کہ جنگ کی بجائے سفارتکاری کو ترجیح بنایا جائے۔ امریکہ و ایران کے تعلقات ہمیشہ سے خراب نہیں تھے 1979 کے ایرانی انقلاب سے پہلے دونوں ایک دوسرے کے قریبی اور اتحادی تھے مگر انقلاب نے صورتحال کو یکسر بدل دیا سفارتی تعلقات منقطع اور پابندیوں کے طویل سلسلے کا آغاز ہوا دونوں ممالک ایک دوسرے پر اپنے مفادات کو نقصان پہنچانے کے الزامات لگاتے رہے یوں خلیج فارس میں کشیدگی حد سے بڑھتی گئی گزشتہ کئی عشروں میں یہ کشیدگی معاشی پابندیوں کی صورت میں ظاہر ہونے کے ساتھ پراکسی لڑائی اور محدود فوجی کارروائی کا باعث بنتی رہی مگر حالیہ تصادم نے ساری دنیا کو یہ سوچنے پر مجبور کر دیا ہے کہ اگر یہ تنازع مزید پھیلا تو نتائج خطے تک محدود نہیں رہیں گے کیونکہ مزید ممالک ملوث ہونے لگے ہیں جس سے ایک بڑا عالمی معاشی بحران جنم لے سکتا ہے اس کا حل صرف سفارتکاری سے تلاش کیا جا سکتا ہے۔

امریکہ فوجی کارروائی کو اپنے مفادات کے لیے ناگزیر تصور کرتا ہے اس کا خیال ہے کہ اس طرح اتحادیوں اور خطے کے استحکام کو بھی یقینی بنانے کا مگر ابھی تک تمام اہداف حاصل کرنے میں ناکام ہے نہ صرف اس کے اپنے مفادات خطرے میں ہیں بلکہ اتحادی بھی دور ہوئے ہیں علاوہ ازیں خطے

کا استحکام بھی قصہ ماضی بن گیا ہے ایران کا موقف ہے کہ وہ اپنی خودمختاری اور قومی سلامتی پر کوئی بیرونی دباؤ قبول نہیں کرے گا دونوں ممالک کے دلائل میں وزن ہونے کے باوجود بے وزن ہیں کیونکہ جنگ تعمیر و ترقی نہیں صرف تباہی لاتی ہے یہ درست ہے کہ جنگ میں حکومتوں سے زیادہ نقصان عام انسان کا ہوتا ہے بچے متاثر ہوتے اور خاندان بچھڑتے ہیں ہسپتال صرف زخمیوں کے علاج کے لیے وقف ہو کر رہ جاتے ہیں اور لوگ خوف کے سائے میں زندگیاں بسر کرنے پر مجبور ہوتے ہیں مگر امیر اور طاقتور ممالک معاشی اور دفاعی حوالے سے بھی کمزور ہو جاتے ہیں میزائل ذخیرے میں کمی طاقت کم ہونے کی طرف ہی اشارہ ہے یہ صورتحال ٹرمپ کے برہم ہونے اور معلومات کو افشا کرنے والوں کو قید کی سزا دینے کی دھمکیوں سے بہتر نہیں ہو سکتی۔ اے کاش کہ متحارب ممالک جنگ کی تباہ کاریاں سمجھ جائیں طاقت کا مظاہرہ کرنے کی بجائے مذاکرات کی میز سجائیں اور سفارتکاری سے تنازع حل کرنے پر توجہ مرکوز کریں۔ عالمی قوانین طاقت کے استعمال کی خاص اور انتہائی حالات میں ہی اجازت دیتے ہیں اقوام متحدہ کا منشور تنازعات کے حل کو جنگ سے نہیں بلکہ مذاکرات، ثالثی اور سفارتکاری کی حوصلہ افزائی کرتا ہے مگر افسوسناک بات تو یہ ہے کہ عالمی طاقتیں خود اقوام متحدہ کے منشور کو نظرانداز کرتی ہیں یہ رویہ عالمی نظام کو کمزور کرنے کا باعث ہے اور دنیا میں طاقت ہی فیصلہ کن معیار بنتی جا رہی ہے اگر امریکہ و ایران دونوں مذاکرات، ثالثی اور سفارتکاری پر اعتماد کریں تو مشرق وسطیٰ میں کسی حد تک امن بحال ہو سکتا ہے مکمل امن کی بحالی اسرائیل کی ہمسایہ ممالک کے خلاف جارحانہ کارروائیوں کی بندش سے مشروط ہے۔ عرب ممالک کی سیاست بہت پیچیدہ ہے جس میں مزید پیچیدگی اس وقت آئی جب عرب امارات نے تعلقات کا محور اسرائیل کو بنایا حالانکہ خطے میں اکثر ممالک کے مفادات ایک دوسرے سے جڑے ہیں اگر کچھ ممالک امریکہ کے اتحادی ہیں تو چند ممالک کا ایران کی طرف جھکاؤ ہے عرب امارات کا اسرائیل کی طرف جھکاؤ اور ایرانی حملوں نے خطے کے ممالک میں دفاعی انحصار متنوع بنانے کا خیال راسخ کیا ہے مزید یہ کہ روس، چین اور یورپی ممالک کے یہاں اپنے مفادات ہیں اسی وجہ سے یہ خطہ اب عالمی سازشوں کی آماجگاہ ہے اور سرد جنگ کے بعد ایک بار پھر دنیا تقسیم کی طرف بڑھ رہی ہے دنیا کا امن برقرار رکھنا ہے تو طاقت کے اظہار کی بجائے سفارتکاری کی میزیں سجانا ہوں گی۔ خلیج فارس توانائی کا ایک اہم مرکز ہے یہاں کشیدگی بڑھنے سے تیل کی قیمتوں میں اضافہ ہوتا اور عالمی تجارت میں کمی آتی ہے جس سے ترقی پذیر ممالک جو پہلے ہی معاشی دباؤ کا شکار ہیں خاص طور پر متاثر ہوتے ہیں امن سے تجارت اور معاشی سرگرمیاں فروغ پاتی ہیں۔

مسلم امہ کے لیے یہ صورتحال کسی امتحان سے کم نہیں ایک طرف علاقائی اختلافات میں اضافہ ہوا ہے تو دوسری طرف تیل جیسے معاشی مفادات خطرے میں ہیں اگر مسلم ممالک جذباتی کیفیت سے نکل کر سمجھداری، اتحاد و تدبر اور سفارتکاری کو اپنی ترجیح بنائیں تو نہ صرف خطہ مزید عدم استحکام سے محفوظ رہ سکتا ہے بلکہ غیر ملکی مداخلت کا خاتمہ بھی ہو سکتا ہے عالمی طاقتوں کو چاہیے کہ کشیدگی بڑھانے کی بجائے مذاکرات کی طرف آئیں تاکہ بہتر اور دیرپا امن قائم ہو۔ تاریخ کا سبق یہ ہے کہ دونوں عالمی جنگیں مذاکرات سے ختم ہوئیں پہلی اور دوسری عالمگیر جنگوں سمیت اکثر بڑے تنازعات کا حل بات چیت سے نکلا امریکہ و ایران اگر اعتماد کی بحالی کے لیے اقدامات کریں اور سفارتی حل تلاش کرنے کی کوشش کریں تو یہ صرف انہی کے لیے ہی نہیں بلکہ پوری دنیا کے امن اور معیشت کے لیے فائدہ مند ہوگا۔ امن کا مطلب ہے کہ انصاف، برابری، احترام اور قوانین کی پاسداری ہو طاقتور اور کمزور کے لیے علیحدہ قوانین سے بداعتمادی بڑھتی ہے یہ عالمی اداروں کا فرض ہے کہ سب کے لیے یکساں رویہ رکھیں اور انصاف سے کام لیں آج دنیا ایک ایسے موڑ پر ہے جہاں سے ایک راستہ جنگ، تباہی اور معاشی بحران کی طرف جاتا ہے تو دوسرا راستہ امن، سفارتکاری، تعاون کا ہے امریکہ و ایران کے ساتھ پوری عالمی برادری نے اب یہ فیصلہ کرنا ہے کہ وہ کس راستے کا انتخاب کرتی ہے۔ طاقت صرف وقتی طور پر فائدہ دیتی ہے یہ دلوں کو جیتنے کا ذریعہ نہیں بنتی پائیدار امن کے لیے لازم ہے کہ مسائل کا حل ہتھیاروں کی بجائے بات چیت، دلیل اور انصاف سے تلاش کیا جائے اگر دنیا نے یہ سبق نہ سیکھا تو تاریخ یہی بتائے گی کہ انسان نے ترقی تو کر لی زمین سے خلا تک بھی پہنچ گیا لیکن جنگ سے محفوظ رہنے کا راستہ تلاش نہ کر سکا۔

14 اگست صرف آزادی نہیں خود احتسابی بھی

زاویہ نظر — ملیحہ سید

چودہ اگست کی صبح جب سورج طلوع ہوتا ہے تو پاکستان سبز و سفید رنگوں میں ڈھکا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ گلیوں میں لہراتے پرچم، دکانوں پر سجی جھنڈیوں کی قطاریں، بچوں کے چہروں پر قومی پرچم کی تصویریں، گاڑیوں پر لگے اسٹیکرز اور فضا میں گونجتے ملی نغمے اس بات کا اعلان کرتے ہیں کہ ایک قوم اپنی آزادی کا جشن منا رہی ہے۔ مگر انہی سڑکوں پر کہیں ایک ٹریفک سگنل توڑا جا رہا ہوتا ہے، کہیں قومی پرچم چند گھنٹوں بعد کچرے کے ڈھیر میں پڑا ہوتا ہے، کہیں ہوائی فائرنگ کسی ماں کی دعاؤں کو ماتم میں بدل دیتی ہے اور کہیں جشن کے اختتام پر شہر پلاسٹک، شور اور غفلت کے ملبے میں ڈوب جاتا ہے۔ یہ تضاد صرف ایک منظر نہیں ہے بلکہ ہمارے اجتماعی رویوں کا عکس ہے۔ ہم

آزادی سے محبت ضرور کرتے ہیں لیکن کیا ہم اس ذمہ داری سے بھی محبت کرتے ہیں جو آزادی اپنے ساتھ لاتی ہے؟ ہر قوم کی تاریخ میں کچھ دن ایسے ہوتے ہیں جو صرف ماضی کی یاد نہیں دلاتے بلکہ حال کا احتساب بھی کرتے ہیں۔ چودہ اگست بھی ایسا ہی دن ہے۔ افسوس یہ ہے کہ ہم نے اسے زیادہ تر جشن تک محدود کر دیا ہے حالانکہ یہ دن ہم سے ایک سوال بھی پوچھتا ہے کہ گزشتہ ایک سال میں ہم نے اپنے وطن کے لیے کیا کیا؟

آزادی صرف سرحدوں کا نام نہیں۔ آزادی ایک سوچ ہے، ایک ذمہ داری ہے، ایک اخلاقی عہد ہے۔ جب ایک قوم آزاد ہوتی ہے تو اس کے ہر فرد پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اس آزادی کو اپنے کردار سے محفوظ بنائے۔ اگر شہری قانون شکنی کو ذہانت، بدعنوانی کو مجبوری، جھوٹ کو مصلحت اور قومی وسائل کے ضیاع کو معمولی بات سمجھنے لگیں تو آزادی کا جسم باقی رہ جاتا ہے مگر اس کی روح کمزور ہونے لگتی ہے۔ ہم اکثر کہتے ہیں کہ پاکستان کے مسائل بہت زیادہ ہیں۔ مہنگائی ہے، بے روزگاری ہے، تعلیم اور صحت کے شعبے مسائل کا شکار ہیں، انصاف میں تاخیر ہے، ماحول آلودہ ہے اور اداروں پر اعتماد کمزور ہوا ہے۔ یہ تمام مسائل اپنی جگہ موجود ہیں لیکن ایک سوال ہمیں خود سے بھی پوچھنا ہوگا۔ کیا ان تمام مسائل کا ذمہ دار صرف نظام ہے یا ہم بھی اس کہانی کے کردار ہیں؟ ہم چاہتے ہیں کہ شہر صاف ہوں مگر اپنے ہاتھ سے کچرا سڑک پر پھینک دیتے ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ پانی ہر گھر تک پہنچے، مگر نل کھلا چھوڑ دیتے ہیں۔ ہم بدعنوانی کے خلاف تقریریں کرتے ہیں مگر اپنا کام جلدی نکلوانے کے لیے سفارش یا رشوت کو برا نہیں سمجھتے۔ ہم قانون کی بالادستی چاہتے ہیں مگر ٹریفک سگنل توڑتے وقت یہ بھول جاتے ہیں کہ قانون صرف دوسروں کے لیے نہیں ہوتا۔

اصل مسئلہ شاید یہی ہے کہ ہم نے حب الوطنی کو جذبات تک محدود کرتے ہوئے کردار سے الگ کر دیا ہے۔ حب الوطنی صرف قومی پرچم لہرانے کا نام نہیں ہے بلکہ سچی محبت وطن یہ بھی ہے کہ ایک دکاندار ملاوٹ نہ کرے، ایک استاد ایمانداری سے علم دے، ایک ڈاکٹر مریض کو صرف فیس کی نظر سے نہ دیکھے، ایک سرکاری ملازم عوام کو عزت دے، ایک طالب علم نقل سے انکار کرے اور ایک شہری اپنے شہر کو اپنا گھر سمجھے۔ یہی وہ چھوٹے چھوٹے اعمال ہیں جو کسی بھی ریاست کی اصل طاقت بنتے ہیں۔ قائداعظم محمد علی جناح نے اپنی ایک تقریر میں قانون، دیانت اور نظم و ضبط کو ریاست کی کامیابی کے بنیادی اصول قرار دیا تھا۔ افسوس یہ ہے کہ ہم نے ان کے اقوال تو یاد رکھے مگر ان کی روح کو اپنی عملی زندگی میں جگہ نہ دے سکے۔ ہم ہر سال ان کی تصویر پر پھول رکھتے ہیں لیکن اگر ان کے اصولوں کو اپنی زندگی میں جگہ دے دیں تو شاید یہی ان کے لیے سب سے بڑا خراج عقیدت ہوگا۔ آج دنیا کی کامیاب قوموں پر نظر ڈالیں تو ایک بات مشترک نظر آتی ہے۔ وہاں قانون صرف کتابوں میں نہیں بلکہ لوگوں کے رویوں میں نظر آتا ہے۔ وہاں قومی مفاد ذاتی مفاد سے بڑا سمجھا جاتا ہے۔ وہاں صفائی، وقت کی پابندی، ایمانداری اور ذمہ داری کو معمولی اخلاقی باتیں نہیں بلکہ قومی ترقی کی بنیاد سمجھا جاتا ہے۔ پاکستان بھی اسی دن بدلنا شروع ہوگا جب ہم ریاست سے پہلے اپنے آپ کو بدلنے کا فیصلہ کریں گے۔ آج ماحولیاتی تبدیلی بھی ہمارے لیے ایک بڑا امتحان ہے۔ سیلاب، شدید گرمی، پانی کی قلت، آلودہ فضا اور تیزی سے ختم ہوتے جنگلات ہمیں مسلسل خبردار کر رہے ہیں۔ اگر ہم واقعی اپنے وطن سے محبت کرتے ہیں تو ہمیں اس کی زمین، دریا، درخت اور ہوا سے بھی محبت کرنا ہوگی۔ وطن صرف نقشے کا نام نہیں، وطن وہ مٹی ہے جس پر ہم چلتے ہیں، وہ پانی ہے جو ہم پیتے ہیں اور وہ فضا ہے جس میں ہماری آنے والی نسلیں سانس لیں گی۔

یہ بھی یاد رکھیے کہ آزادی صرف ہمیں ورثے میں نہیں ملی، اسے قربانیوں سے حاصل کیا گیا تھا۔ اس لیے اس کی حفاظت صرف سرحدوں پر کھڑے سپاہی کی ذمہ داری نہیں بلکہ کلاس روم میں بیٹھے طالب علم، عدالت میں بیٹھے جج، ہسپتال میں موجود ڈاکٹر، کھیت میں کام کرتے کسان، دفتر میں بیٹھے سرکاری ملازم، دکان پر کھڑے تاجر اور سڑک پر چلنے والے ہر شہری کی ذمہ داری بھی ہے۔ شاید اسی لیے میں سمجھتی ہوں کہ چودہ اگست کو ہمیں صرف آتش بازی، ریلیوں اور نعروں تک محدود نہیں رکھنا چاہیے۔ ہمیں اسے ایک قومی آئینے میں بدل دینا چاہیے۔

مکہ دفاعی معاہدہ: مشرق وسطیٰ کی بساط پر نئی چال

پیامبر — قادر خان یوسف زئی

اگست کی شدید گرمی میں مکہ مکرمہ کی پرنور فضاؤں میں ایک ایسی سفارتی اور عسکری پیش رفت ہوئی ہے جس نے عالمی طاقتوں کی توجہ اپنی جانب مبذول کرا لی ہے۔ 7 اگست 2026ء کو سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان، ترک صدر رجب طیب اردوان اور پاکستانی وزیراعظم شہباز شریف نے ایک تاریخی "مشترکہ دفاعی معاہدے" پر دستخط کیے۔ یہ معاہدہ مکہ میں طے پایا اور اس کا

بنیادی نکتہ یہ ہے کہ کسی ایک ملک پر مسلح حملہ تینوں پر حملہ تصور کیا جائے گا۔ یہ محض حکمرانوں کی روایتی ملاقات نہیں تھی، بلکہ اسلامی دنیا کی تین بڑی طاقتوں کا ایک ایسا اتحاد تھا جس نے خطے کی سیاست کا رخ موڑ دیا ہے۔ یہ قدم ایک ایسے وقت میں اٹھایا گیا ہے جب خلیج میں کام کرنے والا ہر مزدور، ہر دکاندار اور ہر تارک وطن ایک نامعلوم خوف کا شکار ہے۔ جب حوثی باغیوں کے ڈرون سعودی تیل کی تنصیبات پر گرتے ہیں تو صرف تیل نہیں جلتا، بلکہ کراچی اور استنبول میں بیٹھے غریب خاندانوں کے چولہے بجھنے کا خطرہ پیدا ہو جاتا ہے۔ مسلم ممالک اب اپنی بقا اور سلامتی کے لیے مغرب اور خصوصاً امریکہ کی کھوکھلی ضمانتوں پر انحصار کرنے کو تیار نہیں ہیں۔ اقوام متحدہ کے چارٹر کے آرٹیکل 51 کے تحت اپنے دفاع کے حق کو استعمال کرتے ہوئے، ان تینوں ممالک نے ثابت کیا ہے کہ وہ اپنی سکیورٹی کا بوجھ خود اٹھانے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ اگرچہ سفارتی سطح پر اسے ایک خالصتاً دفاعی اقدام قرار دیا جا رہا ہے، لیکن اس کی ٹائمنگ اور اس میں شامل ممالک کا وزن عالمی بساط پر ایک بہت بڑا پیغام ہے۔ یہ خشک سیاسی تجزیوں سے بالاتر ایک انسانی مسئلہ بھی ہے، کیونکہ جب بھی خطے میں عدم استحکام پیدا ہوتا ہے تو اس کی سب سے بھاری قیمت عام شہری کو مہنگائی، بے روزگاری اور خوف کی صورت میں چکانا پڑتی ہے۔ اس اتحاد کی بنیادیں تین مختلف لیکن ایک دوسرے کے لیے ناگزیر طاقتوں پر استوار ہیں۔ سعودی عرب کے پاس بے پناہ دولت اور توانائی کی منڈیوں کا کنٹرول ہے۔ ترکیہ کے پاس جدید ترین دفاعی ٹیکنالوجی اور نیٹو کا وسیع تجربہ ہے۔ جبکہ پاکستان کے پاس ایک بے پناہ روایتی عسکری قوت موجود ہے۔ اس انوکھے ملاپ کی سب سے بڑی وجہ 2026ء کے اوائل میں مشرق وسطیٰ میں پیدا ہونے والی وہ کشیدگی تھی، جس نے پورے خطے کو جنگ کے دہانے پر لا کھڑا کیا۔ اس معاہدے کا مقصد مشترکہ ڈیٹرنس قائم کرنا ہے۔ نیٹو کے آرٹیکل 5 کی طرز پر یہ پیغام ہے کہ سعودی عرب یا ترکیہ پر حملہ تین محاذوں پر جنگ تصور ہوگا۔ تاہم رائٹرز کے مطابق مشترکہ بیان میں فوجی ذمہ داریوں کی کوئی تفصیل نہیں اور نہ ہی کوئی مشترکہ فوجی ہیڈکوارٹر ہے۔ یہی دانستہ اسٹریٹجک ابہام سفارتی ہتھیار ہے جو دشمن کو مہم جوئی سے قبل سو بار سوچنے پر مجبور کرے گا۔ یہ ابہام جان بوجھ کر رکھا گیا ہے تاکہ بوقت ضرورت ہر ملک اپنے حالات کے مطابق فیصلہ کر سکے۔ سعودی عرب اس اتحاد میں ایک مالیاتی اور نظریاتی ستون کی حیثیت رکھتا ہے۔ دنیا بھر کے مسلمانوں کے لیے عقیدت کا مرکز ہونے کے ناطے، ریاض کا اثر و رسوخ بے مثال ہے۔ لیکن پچھلے چند برسوں میں سعودی عرب نے اپنی سلامتی کے حوالے سے شدید خطرات کا سامنا کیا ہے۔ جب یمن اور عراق سے آنے والے ڈرون حملوں نے سعودی تیل تنصیبات کو نشانہ بنایا، تو ریاض کی سڑکوں پر چلنے والے عام شہریوں نے براہ راست اس عدم تحفظ کو محسوس کیا۔ سعودی حکومت اپنے وژن 2030 کی تکمیل کے لیے ہر صورت خطے میں امن چاہتی ہے، اور یہ معاہدہ اسی معاشی و سماجی خواب کو بیرونی حملوں سے بچانے کی ایک مہنگی لیکن ناگزیر انشورنس پالیسی ہے۔ ترکیہ کی شمولیت اس معاہدے کو محض ایک علاقائی بلاک سے نکال کر ایک جدید ٹیکنالوجیکل اتحاد میں بدل دیتی ہے۔ ترک دفاعی صنعت نے حالیہ برسوں میں ڈرون ٹیکنالوجی اور فضائی دفاع میں جو کمالات دکھائے ہیں، وہ مغربی دنیا کے لیے بھی حیران کن ہیں۔ سعودی عرب ترکیہ کے ڈرونز کا بڑا خریدار ہے۔ انطالیہ سے لے کر ریاض تک یہ بات سمجھی جا رہی ہے کہ اپنا دفاع تبھی ممکن ہے جب ہتھیار بھی اپنے ہوں۔ ترکیہ کے لیے یہ صرف سفارت کاری نہیں، بلکہ ایک بہت بڑی معاشی لائف لائن ہے، جس سے عام شہری کو روزگار ملے گا۔

پاکستان اس تکون کا وہ بازو ہے جو افرادی قوت اور عسکری تجربے سے لیس ہے۔ پاکستان کی شمولیت سے طاقت کا توازن بدلا ہے۔ اگرچہ یہ کوئی ایٹمی چھتری فراہم کرنے کا معاہدہ نہیں ہے، کیونکہ پاکستان کی بنیادی توجہ بھارت پر مرکوز رہتی ہے اور اس نے خود کہا تھا کہ ایٹمی ہتھیار "ریڈار پر نہیں"، لیکن پھر بھی اس سے مخالفین کے ذہنوں میں خوف ضرور پیدا ہوتا ہے۔ پاکستان کے ہزاروں فوجی پہلے ہی سعودی عرب میں موجود ہیں۔ ایک عام پاکستانی کے لیے اس اتحاد کا مطلب خلیج میں روزگار کے مواقع کا تحفظ اور ملک کے لیے زرمبادلہ کا حصول ہے۔

الٹی گنتی

اظہار خیال — عمران یعقوب خان

چیئرمین پی پی پی بلاول بھٹو زرداری نے مسلم لیگ (ن) کی وفاقی حکومت کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے اس کی الٹی گنتی کا باقاعدہ اعلان کیا ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے اگلے روز یہ تک کہا کہ یہ نظام ناکام نہیں تھا، اسے ناکام بنایا گیا ہے، (ن) لیگ کا ایک خاص حصہ ایسا ہے جو اپنی ہی جماعت کے منصوبے ناکام بناتا ہے۔ سابق وفاقی وزیر اور مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما خرم دستگیر کا کہنا ہے کہ اکتوبر تک تمام سیاسی جماعتوں کی الٹی گنتی شروع ہو جائے گی۔ اب کس کی الٹی گنتی شروع ہوتی ہے اور کس کی نہیں، یہ تو وقت آنے پر ہی پتا چلے گا، فی الحال میں ایک فلسفے کی بات کرنے لگا ہوں۔

ایک خلوی جانداروں سے لے کر کثیر خلوی جانداروں تک زندگی کا متنوع دیدہ و نادیدہ جو بھی میلہ لگا ہوا ہے اسے ایک روز ختم ہونا ہے۔ اس حقیقت کو پروردگار عالم نے ایک آیت میں بیان کر دیا ہے۔ جس کا مفہوم یہ ہے: ہر جان موت کا مزہ چکھنے والی ہے۔ یہ آیت بیان کرتی ہے کہ دنیا کی زندگی دھوکے کا سامان ہے اور اصل کامیابی یہ ہے کہ انسان جہنم کی آگ سے بچے، جنت میں داخل ہو جہاں موت کا کوئی عمل دخل نہیں اور جہاں ایک ابدی زندگی نیکوکاروں کی منتظر ہے۔ یہ آیت یاد دہانی کراتی ہے کہ موت کے بعد سب کو اللہ ہی کی طرف لوٹنا ہے، مستقل زندگی آخرت کی ہے جہاں اعمال کا پورا بدلہ ملے گا۔ اس آیت مبارکہ کو سامنے رکھ کر غور کیا جائے تو یہ حقیقت مترشح ہوتی ہے کہ ہر ذی روح کی الٹی گنتی اس کی پیدائش کے بعد پہلے لمحے سے شروع ہو جاتی ہے۔ اگر کسی ذی روح کی زندگی سو سال ہے تو پہلے گھنٹے میں اس سو سالہ زندگی کا کاؤنٹ ڈاؤن ایک گھنٹہ کم ہو جاتا ہے۔ لوگ سالگرہیں مناتے ہیں۔ پتا نہیں کیوں مناتے ہیں۔ ایک سال گزرنے کا مطلب تو زندگی کی میعاد میں سے ایک سال کا کم ہو جانا ہوتا ہے۔ لوگ پھر بھی خوشی مناتے ہیں۔ کیا زندگی، چاہے وہ سو سال کی ہی کیوں نہ ہو، میں سے ایک سال کم ہو جانا خوشی کی



بات ہے؟ جہاں تک مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کی 8 فروری 2024ء کے عام انتخابات کے نتیجے میں قائم ہونے والی اتحادی حکومت کا تعلق ہے تو اس کے قیام کے فوراً بعد سے ہی یہ کہا جانے لگا تھا کہ یہ حکومت چند ہفتوں یا مہینوں میں ختم ہو جائے گی۔ اپوزیشن کی جانب سے، پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا پر شائع اور نشر ہونے والے بیانات میں اور سوشل میڈیا پر ریلز اور وی لاگز کی صورت میں یہ پیش گوئیاں شروع ہو گئیں کہ یہ حکومت اتنے دنوں میں ختم ہو جائے گی۔ پیش گوئیوں کی مدت کبھی 90 دن، کبھی چھ ماہ اور کبھی ایک سال طے کی جاتی رہی لیکن پھر ہوتا یہ تھا کہ وہ مدت ختم ہو جاتی رہی اور وزیراعظم شہباز شریف کی حکومت قائم رہی، جو اب تک قائم ہے۔ علاوہ ازیں ہر بار جب مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کے مابین سیاسی معاملات پر اختلافات پیدا ہوئے تو ٹاک شوز میں سوال اٹھایا اور دہرایا جاتا رہا کہ کیا یہ اختلافات اتحادی حکومت کے خاتمے کا باعث بن سکتے ہیں؟ جب پیش گوئی کی ایک مدت گزر جاتی تو توقعات باندھنے والے نئی مدت کی پیش گوئی کر دیتے۔ یہ سب کچھ اپوزیشن کی جانب سے کیا جاتا رہا۔

یہ پہلا موقع ہے کہ حکومت کی ایک اتحادی جماعت کی جانب سے دوسری اتحادی جماعت مسلم لیگ (ن) کے لیے الٹی گنتی شروع ہونے کی بات کی گئی ہے۔ اگرچہ پیپلز پارٹی کے رہنماؤں کی جانب سے اتحادی حکومت کے خاتمے کی کوئی حتمی تاریخ نہیں دی گئی، پھر بھی ان کے سخت بیانات سے کاؤنٹ ڈاؤن کے آغاز کا تاثر ضرور پیدا ہو رہا ہے۔ تو سوال یہ ہے کہ کیا جلد یا بدیر حکومت کا واقعی خاتمہ ہو جائے گا۔ اگلا سوال یہ ہے کہ اس کے بعد کیا ہوگا؟ آیا نئے انتخابات کرائے جائیں گے یا تحریک عدم اعتماد لا کر اپوزیشن کو حکومت بنانے کی دعوت دی جائے گی جیسا کہ 2022ء میں پی ٹی آئی حکومت کے ساتھ کیا گیا تھا؟ اڑھائی سال پہلے جب اتحادی حکومت بنی تو ایک تھیوری یہ پیش کی گئی تھی کہ اتحادی حکومت کی دونوں بڑی پارٹیاں آدھی آدھی مدت اقتدار سنبھالیں گی یعنی اڑھائی سال مسلم لیگ (ن) اور باقی اڑھائی سال پیپلز پارٹی، اسی لیے پیپلز پارٹی نے حکومت میں شامل ہونے کے باوجود حکومتی عہدے قبول نہیں کیے تھے۔ یہ تھیوری کتنی درست ہے ابھی اس بارے میں وثوق کے ساتھ کچھ نہیں کہا جا سکتا۔

اس الٹی گنتی کے بیان کے بعد یہ سوال بھی ذہن میں ابھرتا ہے کہ کیا اب اتحادی حکومت کی دوسری پارٹی اقتدار کے مزے لینے والی ہے؟ پی ٹی آئی کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ اہم اتحادی نے وزیراعظم کو دھاندلی زدہ قرار دے دیا ہے، ویسے بھی وزیر داخلہ نے سسٹم کے ناکارہ ہونے کا بیان دیا ہے، ایسے میں وزیراعظم شہباز شریف اعتماد کا ووٹ کھو چکے ہیں، وہ دوبارہ اعتماد کا ووٹ لیں یا پھر سسٹم لپیٹ دیں اور نئے الیکشن کی طرف جایا جائے۔ کیا آنے والے وقت میں اپوزیشن کا یہ مطالبہ شدت اختیار کرنے والا ہے؟

یہ سوال بھی اٹھایا جا رہا ہے کہ الٹی گنتی کس کی شروع ہوئی ہے؟ حکومت کی یا اپوزیشن کی؟ یہ سوال بھی اہم ہے کہ الٹی گنتی کس تناظر میں شروع ہو چکی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے تو یہ کہا ہے کہ الٹی گنتی والے خود بھی سیدھے ہو جائیں گے اور ان کی گنتی بھی سیدھی ہو جائے گی۔ انہوں نے یہ بھی کہا ہے کہ پیپلز پارٹی وفاق میں اسی تنخواہ پر کام کرے گی۔ یعنی وہی بات کہ کچھ بھی نہیں ہونے والا، اتحادی حکومت کے معاملات اگر اڑھائی سال ٹھیک رہے ہیں تو آئندہ بھی ٹھیک ہی رہیں گے۔ ایک نئی بنائی حکومت کو کیسے اٹھا کر ایک طرف رکھا جا سکتا ہے۔ اور ایک اہم سوال یہ ہے کہ نئے صوبے بنانے کی خاطر آئینی ترمیم اور بڑی تبدیلی لائی جائے گی؟ ان سوالات کے جواب بھی وقت آنے پر ملیں گے۔ فی الحال یہی کہا جا سکتا ہے کہ جس طرح ہر ذی روح کی پیدائش کے بعد اس کی زندگی کی الٹی گنتی شروع ہو جاتی ہے، اسی طرح برسر اقتدار آنے والی ہر حکومت کی بھی ایک میعاد ہوتی ہے اور حکومت کے قائم ہونے کے ساتھ ہی الٹی گنتی شروع ہو جاتی ہے کہ حکومت نے پانچ برس ہی رہنا ہوتا ہے۔ جانا تو سب نے ہی ہے، جلد یا بدیر۔ تو اگر جانا ہی ہے تو اس پر پریشان ہونے والی کیا بات ہے۔ جو نئی حکومت آئے گی اس کے جانے کا وقت بھی طے ہو چکا ہوگا کہ الٹی گنتی ہر ایک کے ساتھ لگی ہوئی ہے۔ کاؤنٹ ڈاؤن سب کے ساتھ لگا ہوا ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ اس کاؤنٹ ڈاؤن کی ٹک ٹک کسی کو سنائی نہیں دیتی۔ اسی لیے پتا بھی نہیں چلتا اور وقت رخصت آ جاتا ہے۔ جس طرح ایک دن سب کی ٹک ٹک ختم ہو جاتی ہے، اسی طرح جانے کی بیانی میں اٹھنے والا پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کے مابین اختلافات کا یہ طوفان بھی خود بخود تھم جائے گا۔ خاطر جمع رکھیں!

مکہ جوائنٹ ڈیفنس ایگریمنٹ

وفاق نامہ — رشید صافی

مکہ مکرمہ کے اعلیٰ سطحی اجلاس میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کی اعلیٰ ترین قیادت کا غیر معمولی اجلاس اور مکہ جوائنٹ ڈیفنس ایگریمنٹ خطے کی سکیورٹی صورتحال کے تناظر میں اہم پیش رفت ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف، ترک صدر رجب طیب اردوان اور سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی اس اعلیٰ سطحی بیٹھک کی سب سے نمایاں خصوصیت اس کی انتہائی حساسیت اور مکمل رازداری تھی۔ روایتی سفارتی برتاؤ کے برعکس اس تاریخی معاہدے کا ایجنڈا اور شیڈول ذرائع ابلاغ پر ظاہر نہیں ہونے دیا گیا۔ یہ امر اس بات کا ثبوت ہے کہ تینوں ممالک ایک ایسے مضبوط دفاعی بلاک کی بنیاد رکھ رہے تھے جس کے خلاف مخاصم اور بدخواہ عناصر کو قبل از وقت کسی قسم کے دباؤ یا سازش کا موقع نہ مل سکے۔ مکہ دفاعی معاہدے کی مکمل تفصیلات ابھی منظر عام پر نہیں آئی ہیں تاہم معاہدے کا مرکزی اور اہم پوائنٹ وہ شق ہے جس کے تحت تینوں ممالک میں سے کسی ایک پر ہونے والے حملے کو تمام ممالک پر حملہ تصور کیا جائے گا۔ یہ دفاعی اصول خطے میں طاقت کے عدم توازن کو ختم کرنے کیلئے ایک آہنی ڈھال کی حیثیت رکھتا ہے۔ مشرق وسطیٰ میں ابھرتے نئے سکیورٹی چیلنجز، امریکہ اور ایران کے درمیان ہونے والے تصادم اور اسرائیل کے جارحانہ اور توسیع پسندانہ عزائم کے پیش نظر اس معاہدے کی افادیت دوچند ہو جاتی ہے۔ مشرق وسطیٰ کی حالیہ خونریز جنگوں نے یہ حقیقت عیاں کر دی ہے کہ انفرادی طور پر قائم سکیورٹی ڈھانچے بڑی طاقتوں کے عزائم کا مقابلہ کرنے میں ناکافی ہیں۔ ایران کی اپنے تنازع میں تنہائی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ جغرافیائی و سیاسی چیلنجز سے نبرد آزما ہونے کے لیے صرف انفرادی قوت پر انحصار کافی نہیں بلکہ ایک مربوط اور قانونی طور پر پابند دفاعی اتحاد ناگزیر ہے۔ سہ فریقی اتحاد محض وقتی اقدام نہیں ہے بلکہ مسلم دنیا کی نمایاں طاقتور ترین ملٹری، ٹیکنالوجیکل اور مالیاتی صلاحیتوں کا ایک وسیع تر اتحاد ہے۔ ترکیہ نیٹو کی دوسری سب سے بڑی فوج

کا حامل ملک ہے جو اپنی 80 فیصد دفاعی ضروریات خود تیار کرتا ہے۔ ترکیہ کے ڈرونز، فضائی ٹیکنالوجی اور بحری جہاز سازی کی صنعت نے اسے عالمی دفاعی مارکیٹ میں ایک اہم قوت بنا دیا ہے۔ پاکستان عالم اسلام کی واحد جوہری طاقت اور تجربہ کار عسکری فورس رکھتا ہے۔ مئی 2025ء میں بھارت کے خلاف پاکستان کی تاریخی فتح کو دنیا نے تسلیم کیا ہے۔ جنگوں میں بالعموم فریقین اپنی مرضی کے دعوے کرتے ہیں اور ہر فریق اپنی فتح کا دعویدار ہوتا ہے مگر مئی 2025ء کی جنگ میں واحد فاتح پاکستان تھا جس کے شواہد انٹرنیشنل اور غیر جانبدار میڈیا نے دنیا کے سامنے رکھے۔ بھارت کے جدید رافیل طیارے پاکستان نے گرائے مگر امریکی صدر ٹرمپ کئی بار بھارت پر طنز کر چکے ہیں کیا اس سے بڑھ کر پاکستان کی پذیرائی اور بھارت کی رسوائی کی مثال ہو سکتی ہے؟ پاکستان کی مسلح افواج نے دہائیوں سے خلیجی ممالک بالخصوص سعودی عرب کو تربیتی، تکنیکی اور دفاعی مشاورت فراہم کی ہے جبکہ سعودی عرب خلیج کا سب سے طاقتور ملک، حرمین شریفین کا پاسبان اور عالمی سطح پر ایندھن کا سب سے بڑا برآمد کنندہ ہے۔ سعودی عرب اس اتحاد کو وہ معاشی استحکام اور تکنیکی سرمایہ کاری فراہم کر سکتا ہے جو جدید دفاعی صنعتوں کیلئے ناگزیر ہوتی ہے۔ 2023ء میں ریاض اور انقرہ کے درمیان ترک ڈرونز کی خرید و فروخت کا سب سے بڑا معاہدہ اور پاکستان کا تکنیکی تعاون اس بات کی گواہی دیتے ہیں کہ ان ممالک کا آپسی دفاعی اتحاد عملاً کئی برسوں سے پروان چڑھ رہا تھا جسے اب مکہ جوائنٹ ڈیفنس معاہدے کی صورت میں قانونی و روایتی ڈھانچے میں ڈھال دیا گیا ہے۔ اس سہ فریقی بلاک کی تشکیل سے تل ابیب سے لے کر واشنگٹن تک سفارتی چہ مگوئیاں ہو رہی ہیں۔ اسرائیلی قیادت بالخصوص بنیامین نیتن یاہو ماضی میں بھی مسلم بلاک کے قیام کو اپنے لیے سب سے بڑا خطرہ قرار دے چکے ہیں۔ ترکی کی جانب سے جدید ترین F-35 سٹیلتھ طیاروں کی خریداری پر اسرائیل کے تحفظات اور اس کے خلاف لابنگ اسی خوف کا مظہر تھی۔ تاہم امریکی صدر ٹرمپ کا یہ ردعمل کہ "کوئی ہمیں یہ نہیں بتا سکتا کہ ہمیں کیا پہننا ہے"۔ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ امریکہ اپنے قومی و معاشی مفادات کو اسرائیل کے یکطرفہ مطالبات پر ترجیح دے رہا ہے۔ پاکستان اور ترکیہ دونوں امریکہ کے روایتی اتحادی ہیں اور اس کے باوجود اسرائیل کی توسیع پسندانہ پالیسیوں کے سخت ترین ناقد ہیں۔ سعودی عرب کا اسرائیل سے متعلق موقف بھی واضح اور اصولی ہے۔ اس پس منظر میں یہ اتحاد امریکہ کو بھی باور کراتا ہے کہ خطے میں امن قائم رکھنے کے لیے محض ایک ریاست کی سرپرستی کے بجائے متوازن دفاعی طاقتوں کو تسلیم کرنا ہوگا۔ مکہ دفاعی معاہدہ صرف جنگوں کے خطرات یا طاقت کے مظاہرے تک محدود نہیں بلکہ اس کا ایک اہم پہلو عالمی امن اور مصالحت کاری ہے۔ پاکستان اور ترکیہ نے حالیہ بحرانوں میں جس سفارت کاری کا مظاہرہ کیا عالمی برادری اس کی معترف ہے۔ امریکہ ایران جنگ کے خاتمے کیلئے پاکستان کی ثالثی کی کوششوں کو عالمی سطح پر پذیرائی ملی۔ اسی طرح غزہ بحران کے حل اور قیام امن کیلئے ترکیہ کا کلیدی کردار مسلم دنیا میں اس کی حیثیت کو مستحکم کر چکا ہے۔ یہ اتحاد دفاعی صلاحیت کے ساتھ ساتھ سفارتی سطح پر بھی ایک بلاک کے طور پر بات چیت کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے جس سے عالمی طاقتیں ان کے اجتماعی موقف کو نظرانداز نہیں کر سکتیں۔ مکہ جوائنٹ ڈیفنس ایگریمنٹ نے ثابت کر دیا ہے کہ مشرق وسطیٰ اور جنوب ایشیائی خطے میں طاقت کا ایک نیا توازن جنم لے رہا ہے۔ یہ معاہدہ جنگوں کیلئے نہیں بلکہ جنگ کو روکنے کیلئے موثر ذریعہ بنے گا۔ اسرائیل جیسے جارحانہ اور توسیع پسند ممالک اب کمزور بستیوں کو اجاڑنے سے پہلے سوچنے پر مجبور ہوں گے۔ بین الاقوامی تعلقات کے مسلمہ اصولوں کے مطابق جب ممکنہ جارح کو یہ معلوم ہو کہ اس کا مقابلہ انفرادی ریاست کے بجائے ایک ایٹمی، ٹیکنالوجیکل اور معاشی طور پر مستحکم بلاک سے ہوگا تو وہ پیش قدمی سے پہلے سو بار سوچنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ اس معاہدے کے دور رس معاشی اثرات بھی مرتب ہوں گے۔ تینوں ممالک کے درمیان دفاعی پیداوار، مشترکہ ترسیل، مشترکہ فوجی مشقوں اور ٹیکنالوجی کی منتقلی سے اربوں ڈالر کا زرمبادلہ بچایا جا سکے گا۔ اس سے خلیج اور ایشیا کے درمیان معاشی راہداریوں کو سکیورٹی کی ضمانت ملے گی جس سے غیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافہ ممکن ہو سکے گا۔ مکہ جوائنٹ ڈیفنس ایگریمنٹ دور حاضر میں مسلم دنیا کی جیوسٹریٹجک اور سکیورٹی حکمت عملی کا سب سے اہم موڑ ثابت ہو سکتا ہے۔ یہ اتحاد اس حقیقت کا اعتراف ہے کہ دفاعی اور معاشی خودانحصاری کے بغیر عالمی نقشے پر اپنی خودمختاری کا تحفظ ممکن نہیں ہے۔

CORRIGENDUM

With reference to the Requests for Proposals published on the BPPRA Electronic Public Procurement System (EPPS), the following amendments are hereby notified:

S#	TSE No.	Consultancy / Project	Estimated Cost	Amended Section(s)	Submission / Opening
1	2627071140014	Feasibility Study, Master Planning, Detailed Engineering Design, Cost Estimates, Tender Documents and PC-I for Establishment of Shrimp Hatchery at Gaddani **(Published via PRQ. 402/27-7-2026)**	Rs. 20.000 million	Eligibility Criteria	16 August 2026 12:30 PM / 1:30 PM
2	2627071139954	Comprehensive Marine Resource Mapping & Zoning for Sustainable Ocean Management **(Published via PRQ.401/27-7-2026)**	Rs. 50.000 million	Eligibility Criteria	17 August 2026 12:30 PM / 1:30 PM

The revised eligibility criteria are available in the respective RFP documents on www.bppra.gob.pk. Only electronic bids shall be submitted through EPPS; no physical bid is required. All other terms and conditions of the respective RFPs shall remain unchanged.

Directorate General of Fisheries - Government of BalochistanBlock 12, Civil Secretariat, Quetta

Phone: 081-9211773

DIRECTOR GENERAL FISHERIES
Directorate General of Fisheries, Quetta

PRQ No.727/10-08-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer, Communication Department (Roads) Pishin invites sealed bids from eligible bidders who can prove their eligibility and qualification as mention in the bidding documents for the work mentioned below based on Composite Schedule of Rates 2026, Government of Balochistan amended up-to-date from interested contractors / firms for the work listed below under BPPRA Rules. Earnest Money 3% in Shape of Call Deposit.

S#	Name of Work	Estimated Cost Rs. (in Million)	Tender Fee Rs. /-	TSE No.
1	CONST: OF BT ROAD IN KILLI BALLA YASINZAI KILLI KOZ YASINZAI AND SORR KILLI BAGUDRZAI TEHSIL KARBALA DISTRIC PISHIN	29.855	1000	2627081156623
2	CONST: OF BT ROAD AT KILLI KARBALA TEHSIL KARBALA DISTRIC PISHIN PSDP No. 1384/ Z2026.1587	19.899	1000	2627081157073
3	CONST OF BT ROAD AT KILLI NADIR TEHSIL PISHIN PSDP No. 1389/Z2026.1607	14.927	1000	2627081157113
4	CONST OF BT ROAD AT KILLI HAMEED ABAD TEHSIL PISHIN PSDP No. 1391/ Z2026.1580	14.922	1000	2627081157013
5	CONST: OF BT MAIN ROAD PHASE 2 WITH CULVERTS CENTR MEDIAN AND SOLOR POLE LIGHTS AT SHAHI KOT KILLI KARBALA TEHSIL KARBALA DISTRICT PISHIN	19.901	1000	2627081156973
6	CONST: BOX CULVERT IN KILLI MANZARI KAKAZAI TEHSIL HURAMZAI DISTRIC PISHIN	14.928	1000	2627081156593
7	CONSTRUCTION BOX CULVERTS AT KILLI DOREI SLAIMANKHAIL TEHSIL KARBALA DISTRIC PISHIN	9.948	1000	2627081156613

The office of the Executive Engineer PHE District Mastung invites technical proposal of Contractors/firms along with sealed financial proposals**(Single Stage-Two Envelope)** for above mentioned works .All interested bidders are required to submit documents as per following briefs in support of their Technical/Financial proposal: The procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory, Rules 2014.and Pakistan Engineering Council By-Laws **BASIC ELIGIBILITY:** The Contractor must have valid registration i.e. 2026-27 with Pakistan Engineering Council in required Category in relevant discipline/specially code and fresh registration with tax authorities i.e. (NTN, sales tax Department and BRA) as well as with **BPPRA** where applicable. The bidder must complete similar nature assignment mention in the biding documents. **METHOD OF PROCUREMENT: (Single Stage –Two Envelop)** bidding Procedure will adopted. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS: Issuance:** The bidders can obtain the bidding document from the address mention above on production of Challan form for an amount of 650/- & 1500/- C-02725-2 and (Non-refundable) for each work shown against each deposited works through website of BPPRA (wwe.bppra.gob.pk) ,during working hour, from the date of publication of this invitation in newspapers till one day prior to the last date of submission. The contractors/Firms who obtain bidding documents by downloading them from BPPRA website will also be required to procedure deposited Challan from of above mentioned Fee. The bids must accompanied bid security "Technical Bid" for each work in the form of call deposit or bank guarantee of amount specified above in the office name of the under signed from a scheduled bank. **No any Bank Drafts & Banker Check will be acceptable NOTE :- i)** For Supply of Pipe only Manufacturer Firms allow to participate in the tender for Supply of Solar System, the Firm must be registered with **FBR, GST** registration and **ISO** Certificate are necessary to attached with their documents, as well as 3 Years' Experience, 3 year Audit report **ii)** For D/D of Bore & Civil Work, the Firm must be registered with **BPPRA, BRA & Pakistan Engineering Councilas** well as 3 Years' Experience for the same work, 3 year Audit report etc **Deadline of submission:** Technical and financial proposals from intending contractors/firms sealed in one separate envelope clearly marked with Work title & type of proposal must be delivered by hand or through registered mail to the address mentioned below on or before **24thAugust 2026. at 12:00 Hrs Opening:** The envelope containing "Technical Bids" will be opened on the same day **24thAugust 2026. at 01:00 P.M in Office of the Deputy Commissioner District Mastung** before procurement committee in the presence of bidders or their authorized representatives who choose to attend with authority letter. **Bids Validity: (90) days Place:** The place of issuance, submission, inquiries and opening will be - The office of the Deputy Commissioner District Mastung. Email; headclerk10071967@gmail.com.
CONDITIONS All the terms and conditions can be seen/obtain in the Office of the undersigned in any office hours

Executive Engineer, Public Health Engineering, Division Mastung

DPRQ/PRQ No.703/10-08-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

دالبندین، روتنگ کراسنگ پوائنٹ سے غرباء کی انٹری کاٹ دی گئی

دالبندین (بیورو چیف) روتنگ کراسنگ پوائنٹ سے غرباء کی انٹری کو کاٹ دیا گیا جبکہ انکے جگہ پر سفارشی کو شامل کیا گیا تیل کمیٹی دالبندین نے اپنے عزیز واقارب کے نام شامل کئے ہیں لیکن ہمارے نام کاٹ دیے جس سے ہمارے گھروں کے چولہے بجھ گئے متاثرین زمباد مالکان کا بلوچستان ہائیکورٹ جانے کا فیصلہ تفصیلات کے مطابق ضلع چاغی میں واحد روزگار روتنگ کراسنگ پوائنٹ ہے جہاں سے ہزاروں لوگوں کا روزگار ڈیزل سے منسلک تھا اور یہ کام ٹوکن کے ذریعے کرایا گیا قریباً پانچ سال تک روزگار چلتا رہا لیکن یک قلم جنبش سینکڑوں غریبوں کے نام کاٹ کر امیر طبقہ تیل کمیٹی کے ذریعے اپنے اپنے عزیز واقارب کے نام شامل کئے گئے ان کے نام ان بے سہاروں کے جگہ شامل کئے گئے جنکو اللہ نے ہر چیز سے مالا مال کیا ہوا ہے متاثرین نے کہا کہ تیل کمیٹی نے ہمارے حقوق پر شب وخون مارا ہے ہمارے گھروں کے چولہے بجھ چکے ہیں ہمارے روزی روٹی ایرانی ڈیزل سے وابستہ ہیں موجودہ 2500 کے مرتب کردہ لسٹ چند لوگوں کو خوش کرنے کے سوا کچھ نہیں ہے ہزاروں لوگوں کے منہ سے روٹی کا نوالہ چھین لیا گیا ہے

معیاری تعمیراتی عمل عوام کے وسیع تر مفاد میں ہے، بوستان جانڈیو

نصیرآباد (نامہ نگار) ایگزیکٹو انجینئر مواصلات و تعمیرات روڈز نصیرآباد بوستان خان جانڈیو نے کہا ہے کہ محکمہ مواصلات وتعمیرات کے ترقیاتی منصوبوں کو پی سی ون کے مطابق معیاری انداز میں پایہ تکمیل تک پہنچانا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے، پختہ اور معیاری تعمیراتی عمل نہ صرف عوام کے وسیع تر مفاد میں ہے بلکہ اس سے محکمہ مواصلات وتعمیرات کا مورال بھی وابستہ ہے، ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا، ضلع نصیرآباد میں حکومتی وژن کے مطابق عوامی خدمت کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا تاکہ جاری ترقیاتی منصوبے دیرپا اور عوام کے لیے سودمند ثابت ہوں، تمام انجینئرز فیلڈ میں اپنی موجودگی یقینی بنائیں اور ترقیاتی کام اپنی نگرانی میں مکمل کرائیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے عہدے کا چارج سنبھالنے کے بعد انجینئرز اور اسٹاف سے بات چیت کرتے ہوئے کیا

میر غوث بخش بزنجو کا سیاسی فلسفہ اور آج کا بلوچستان



تحریر: رحمت صالح بلوچ

تاریخ اپنے اندر آنے والے کل کے اشارے چھپا کر رکھتی ہے۔ قومیں جب اپنے ماضی سے سبق لینا چھوڑ دیتی ہیں تو وہی غلطیاں بار بار ان کے مستقبل کا مقدر بن جاتی ہیں۔

بلوچستان کی سیاسی تاریخ بھی ایک ایسی ہی داستان ہے۔ ایک ایسی سرزمین کی داستان جو قدرت کی بے پناہ نعمتوں سے مالا مال ہے، مگر جہاں آج بھی ترقی، امن، انصاف اور اعتماد کی تلاش جاری ہے۔ یہ وہ سرزمین ہے جہاں پہاڑ خاموش ہیں مگر ان کی خاموشی کے پیچھے کئی نسلوں کی کہانیاں دفن ہیں، جہاں سمندر ہر روز نئی امید کے ساتھ ساحل سے ٹکراتا ہے، مگر بہت سے دل اب بھی بہتر مستقبل کے منتظر ہیں۔ ایسے ہی حالات میں جب ہم میر غوث بخش بزنجو کی برسی مناتے ہیں تو یہ صرف ایک بزرگ سیاست دان کو خراج عقیدت پیش کرنے کی تقریب نہیں رہتی، بلکہ یہ اپنے سیاسی شعور، قومی رویوں اور وفاقی نظام کا جائزہ لینے کا لمحہ بھی بن جاتی ہے۔ سوال یہ نہیں کہ میر غوث بخش بزنجو کون تھے سوال یہ ہے کہ کیا ہم نے ان کی فکر کو سمجھا؟ کیا ہم نے ان کے خوابوں کی تعبیر کے لیے کچھ کیا؟ اور کیا آج کا بلوچستان اس راستے پر چل رہا ہے جس کی نشاندہی انہوں نے اپنی پوری سیاسی زندگی میں کی تھی؟

میر غوث بخش بزنجو ان رہنماؤں میں شامل تھے جنہوں نے سیاست کو اقتدار کی سیڑھی نہیں بلکہ خدمت، اصول اور برداشت کا نام دیا۔ وہ ان سیاست دانوں میں سے نہیں تھے جو حالات کے ساتھ اپنا نظریہ بدل لیتے ہیں۔ ان کے نزدیک سیاست کا مقصد حکومت حاصل کرنا نہیں بلکہ عوام کو بااختیار بنانا، آئین کو مضبوط کرنا اور وفاق کی بنیادوں کو مستحکم کرنا تھا۔ وہ ہمیشہ کہتے تھے کہ پاکستان کی طاقت بندوق، وسائل یا عمارتوں میں نہیں بلکہ اس کے عوام کے اعتماد میں پوشیدہ ہے۔ آج اگر ہم بلوچستان کی موجودہ صورتحال پر نظر ڈالیں تو محسوس ہوتا ہے کہ وقت بدل گیا ہے، حکومتیں بدل گئیں، پالیسیاں تبدیل ہوئیں، ترقیاتی منصوبے آئے، اربوں روپے کے منصوبوں کے اعلانات ہوئے، گوادر عالمی نقشے پر ابھرا مگر ایک سوال آج بھی اپنی جگہ موجود ہے: کیا بلوچستان کا عام شہری خود کو اس ترقی کا حصہ محسوس کرتا ہے؟

یہ سوال اس لیے اہم ہے کیونکہ کسی بھی ترقی کا اصل پیمانہ صرف سڑکیں، عمارتیں اور سرمایہ کاری نہیں ہوتیں۔ اصل پیمانہ وہ نوجوان ہوتا ہے جسے روزگار ملے، وہ طالب علم ہوتا ہے جسے معیاری تعلیم نصیب ہو، وہ مریض ہوتا ہے جسے علاج میسر آئے، وہ کسان ہوتا ہے جسے اپنی محنت کا مناسب معاوضہ ملے اور وہ ماہی گیر ہوتا ہے جو اپنے ہی ساحل پر باعزت زندگی گزار سکے۔ اگر ترقی کے ثمرات عام آدمی تک نہ پہنچیں تو ترقی صرف رپورٹوں میں رہ جاتی ہے، عوام کی زندگی میں نہیں۔ بلوچستان کا مسئلہ کبھی بھی صرف امن و امان کا مسئلہ نہیں رہا۔ اگر ایسا ہوتا تو شاید یہ کئی دہائیوں پہلے حل ہو چکا ہوتا۔ یہ مسئلہ تاریخ، سیاست، معیشت، آئین، وسائل، شناخت اور عوامی اعتماد کے مختلف پہلوؤں سے جڑا ہوا ہے۔ اسی لیے اسے صرف ایک زاویے سے دیکھنا ہمیشہ نقصان دہ ثابت ہوا۔ کبھی اسے صرف سیکیورٹی کا مسئلہ سمجھا گیا، کبھی اسے صرف ترقیاتی منصوبوں سے جوڑ دیا گیا، اور کبھی اسے بیرونی مداخلت کا نتیجہ قرار دے کر اصل داخلی سوالات کو پس پشت ڈال دیا گیا۔ حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ بلوچستان کے مسئلے کا ہر پہلو دوسرے سے جڑا ہوا ہے۔ جب تک تمام پہلوؤں کو ایک ساتھ نہیں دیکھا جائے گا، تب تک کوئی بھی حل دیرپا ثابت نہیں ہو سکتا۔ دنیا کی کامیاب وفاقی ریاستوں کی تاریخ یہی بتاتی ہے کہ وہاں وسائل کی تقسیم انصاف کے اصول پر ہوتی ہے، مقامی آبادی کو ترقی میں شریک کیا جاتا ہے اور فیصلے مشاورت کے ذریعے کیے جاتے ہیں میر غوث بخش بزنجو اسی سوچ کے داعی تھے۔ وہ ہمیشہ کہتے تھے کہ بلوچستان کو کسی خصوصی رعایت کی نہیں بلکہ آئین میں دیے گئے حقوق کی ضرورت ہے۔ ان کا مطالبہ یہ نہیں تھا کہ بلوچستان کو دوسروں سے زیادہ دیا جائے، بلکہ یہ تھا کہ اسے وہ دیا جائے جس کی ضمانت خود آئین پاکستان دیتا ہے۔ وہ سمجھتے تھے کہ آئین صرف ایک قانونی دستاویز نہیں بلکہ وفاق اور صوبوں کے درمیان اعتماد کا معاہدہ ہے۔ جب اس معاہدے کی روح پر عمل ہوگا تو نہ صرف بلوچستان بلکہ پورا پاکستان زیادہ مستحکم ہوگا۔ اسی تناظر میں انہوں نے صوبائی خودمختاری کو اپنی سیاست کا بنیادی ستون بنایا۔ ان کا خیال تھا کہ اختیارات کا ارتکاز مسائل کو جنم دیتا ہے، جبکہ اختیارات کی منصفانہ تقسیم اعتماد کو فروغ دیتی ہے۔ اسی لیے وہ اٹھارویں آئینی ترمیم جیسے اقدامات کو وفاق کی مضبوطی کی طرف اہم پیش رفت سمجھتے تھے، میر غوث بخش بزنجو کی سیاسی فکر کا ایک اور نمایاں پہلو صوبوں کی وحدت کا تحفظ تھا۔ وہ بلوچستان کی تقسیم یا نئے انتظامی یونٹس کے نام پر اس کی تاریخی اور جغرافیائی شناخت کو کمزور کرنے کے مخالف تھے۔ ان کا موقف تھا کہ اگر کسی علاقے میں انتظامی مسائل موجود ہیں تو ان کا حل نئی سرحدیں کھینچنا نہیں بلکہ مقامی حکومتوں کو مضبوط بنانا، اختیارات کو نچلی سطح تک منتقل کرنا، انصاف کی فراہمی اور عوامی نمائندوں کو بااختیار بنانا ہے۔ آج جب نئے انتظامی یونٹس کی تجاویز سامنے آتی ہیں تو میر غوث بخش بزنجو کی یہ سوچ پہلے سے کہیں زیادہ اہم محسوس ہوتی ہے۔ پاکستان کی مضبوطی اس میں نہیں کہ اس کی وفاقی اکائیوں کی جغرافیائی ہیئت تبدیل کی جائے، بلکہ اس میں ہے کہ ان کے درمیان اعتماد، انصاف اور برابری کے رشتے کو مضبوط کیا جائے۔ مضبوط وفاق کا راستہ آئین کی پاسداری اور جمہوری رویوں سے ہو کر گزرتا ہے۔

Request for Proposal

TSE-2627081161584 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Request for Proposal for selection of Consultancy service invited on Electronic Public Procurement System (EPPS) from well reputed national/International firms (JV) / service provider meeting with eligibility criteria, viz having registration with FBR for Income Tax and BRA and who are on Active Taxpayers List (ATL) having registration with PEC as a Consulting Engineering Firm, and are not black listed in any procuring agencyv or authority for prepration of Hiring of "Consultancy Services from Consulting Firms" Titled as Feasibility study and detailed design for Development of Industrial Estate at QITE Phase-III, Eastern Bypass, Quetta **Bid Security 2% Detail as under:**

S.No.	Description	E/Cost
1	Feasibility study and detailed design for Development of Industrial Estate at QITE Phase-III, Eastern Bypass, Quetta	1,890,643

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 2 Assignments of Similar Nature and Complexity Turn over of at least 1,500,000 PKR Amount in 1 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List BRA Registration Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan PEC/PCAD Registration CDR and Green Challan **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. The FINANCIAL PROPOSALS shall be opened of those consultants whose technical proposal is considered and approved. The Selection of Consultants shall be made as per Evaluation Criteria method as mentioned in the 'Date Sheet' of this "Request for Proposal" document. The incomplete request for proposal or received after due date mentioned above will not be considered. The RFP Documents can be downloaded from BPPRA Website (www.bppra.gob.pk). **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 24 August, 2026 till 09:00 AM **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 10:00 AM Address: Office of the Executive Enigneer
Phone no: 0819203772
Email: sheikhsamimandokhail2024@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER DIRECTORATE OF INDUSTRIES AND COMMERCE QUETTA

DPRQ/PRQNo.724/10-8-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت جناب ثناء اللہ خان لونی تحصیلدار اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول بوری لورالائی

اشتہار برائے عوام الناس

ہر گاہ خاص وعام کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی سردار خان نے شرعی فتویٰ پیش کیا ہے کہ میرا والد اختر بقضائے الٰہی فوت ہو چکا ہے بروئے شرعی فتویٰ مذکورہ کے جائز وارثان سردار خان، صوبیدار خان، محمد نبی، مسماۃ بی بی، بخت بی بی، خانتہ بی بی، رخسانہ بی بی پسران ودختران اختر ہیں اسکے علاوہ کوئی جائز وارث نہیں متوفی مذکورہ کی جائیداد موضع ولیزئی شبوزئی میں درج ریکارڈ ہے جسکا انتقال وراثت ہونا ہے اگر کسی شخص یا ادارے کو کوئی عذر اعتراض ہو تو 7 یوم کے اندر دفتر زیر دستخطی حاضر ہو کر پیش کریں بصورت دیگر انتقال وراثت بحق جائز وارثان درج وتصدیق کیا جائیگا اسکے بعد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 7.8.2026 کو ہمارے دستخط ومہر سے جاری ہوا

تحصیلدار لورالائی

بعدالت جناب ثناء اللہ خان لونی تحصیلدار اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول بوری لورالائی

اشتہار برائے عوام الناس

ہر گاہ خاص وعام کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی سردار خان نے شرعی فتویٰ پیش کیا ہے کہ میرا دادا کرم خان بقضائے الٰہی فوت ہو چکا ہے بروئے شرعی فتویٰ مذکورہ کے جائز وارثان اختر، عبدالستار، رضا محمد، اختر شاہ پسران کرم خان ہیں۔ اسکے علاوہ کوئی جائز وارث نہیں متوفی مذکورہ کی جائیداد موضع ولیزئی شبوزئی میں درج ریکارڈ ہے جسکا انتقال وراثت ہونا ہے اگر کسی شخص یا ادارے کو کوئی عذر اعتراض ہو تو 7 یوم کے اندر دفتر زیر دستخطی حاضر ہو کر پیش کریں بصورت دیگر انتقال وراثت بحق جائز وارثان درج وتصدیق کیا جائیگا اسکے بعد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 7.8.2026 کو ہمارے دستخط ومہر سے جاری ہوا

تحصیلدار لورالائی

بعدالت جناب حمید اللہ موسیٰ خیل اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوئم نائب تحصیلدار لورالائی

اشتہار برائے عوام الناس

ہر گاہ خاص وعام کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی گلستان نے شرعی فتویٰ پیش کیا ہے کہ میرا والد ظاہر خان ولد نظر خان بقضائے الٰہی فوت ہو چکا ہے بروئے شرعی فتویٰ مذکورہ کے جائز وارثان گلستان، نواب خان، آزاد خان، عصمت بی بی بیوہ، زرگلائی بی بی، صابرہ بی بی، صالحہ بی بی پسران ودختران ظاہر خان ہیں اسکے علاوہ کوئی جائز وارث نہیں متوفی مذکورہ کی جائیداد موضع میں درج ریکارڈ ہے جسکا انتقال وراثت ہونا ہے اگر کسی شخص یا ادارے کو کوئی عذر اعتراض ہو تو 10 یوم کے اندر دفتر زیر دستخطی حاضر ہو کر پیش کریں بصورت دیگر انتقال وراثت بحق جائز وارثان درج وتصدیق کیا جائیگا اسکے بعد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 10.8.2026 کو ہمارے دستخط ومہر سے جاری ہوا

نائب تحصیلدار لورالائی

بقیہ 1 — وزیراعلیٰ

میر عبدالصمد گورگیج اور اصغر ترین، پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سردار عمر گورگیج، جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع، جیونی کے اعزازی قونصل میر مراد بلوچ، سابق ضلع ناظم بی بی میر محمد یار خان دوتی شامل تھے۔ ملاقاتوں کے دوران صوبے کی مجموعی سیاسی و انتظامی صورتحال، عوامی مسائل، ترقیاتی امور اور مختلف اہم معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں، عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات اور امن و امان سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر بھی گفتگو ہوئی۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی، عوامی مسائل کا حل اور صوبے میں پائیدار امن کا قیام حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت تمام سیاسی و جمہوری قوتوں کو ساتھ لے کر صوبے کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے لیے مؤثر اقدامات جاری رکھے گی۔ ملاقاتوں میں صوبے کی بہتری، عوامی مسائل کے حل اور ترقیاتی عمل کو مزید مؤثر بنانے کے لیے باہمی تعاون اور رابطہ کاری کو فروغ دینے پر بھی اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 2 — وزیراعظم

معاہدہ تینوں ملکوں کے درمیان خطے میں امن، سلامتی، خوشحالی کیلئے ہے، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان دہائیوں پر محیط تعاون موجود ہے، حرمین شریفین کے تحفظ کی ذمہ داری پاکستان کے عوام اور افواج کے لیے اہم فریضہ ہے، آزاد کشمیر کے انتخابی نتائج قائد مسلم لیگ ن نواز شریف پر عوام کے اعتماد کا مظہر ہیں، بعض عناصر نے آزاد کشمیر کے حالات جان بوجھ کر خراب کرنے کی کوشش کی، مسائل کا حل بات چیت کے ذریعے نکالا جاتا ہے، اقلیت اور انارکی کی اجازت نہیں دیں گے، پیشکش کی تھی کہ نئی اسمبلی میں مقدمہ لے کر جائیں، اکثریت سے مہاجرین کی نشستوں کا فیصلہ کریں گے، جو امن کیساتھ بات چیت کرنا چاہے اس کیلئے موقع فراہم کیا جائے گا، دہشتگردی کے خلاف قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، وطن عزیز سے ایک مرتبہ پھر دہشتگردی کے ناسور کا خاتمہ ہوگا۔ پیر کو یہاں وفاقی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ جمعہ کو مکہ مکرمہ میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے مابین دفاعی معاہدہ طے پایا جس پر سعودی عرب کے ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان، ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان اور میں نے دستخط کیے۔ انہوں نے کہا کہ دہائیوں سے پاکستان سعودی عرب کے ساتھ مل کر حرمین شریفین کی حفاظت کا فریضہ نبھاتا رہا ہے، گزشتہ سال اس سلسلے میں باقاعدہ معاہدہ طے پایا تھا، اسی معاہدے کی توسیع ہوئی ہے، تینوں ممالک کے درمیان یہ معاہدہ خطے میں امن، سلامتی اور خوشحالی کے لئے ہے، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان بھی دہائیوں پر محیط تعاون موجود ہے۔ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ دفاعی معاہدہ پہلے سے موجود تعاون کا تسلسل ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ حرمین شریفین کے تحفظ کی ذمہ داری پاکستان کے عوام اور افواج کے لئے اہم فریضہ ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ سہ فریقی دفاعی معاہدہ کسی کے خلاف قطعاً جارحیت نہیں، یہ صرف اور صرف دفاعی مقاصد اور خطے کے امن ترقی اور خوشحالی کیلئے ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ معاہدہ امت مسلمہ کے لئے باعث تقویت ہے۔ وزیراعظم نے سہ فریقی معاہدے کے لئے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ یہ کئی برسوں کی کاوشوں کا نتیجہ ہے۔ وزیراعظم نے وطن عزیز سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے قومی عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردوں ...

عوام کو کسی صورت دہشتگردوں کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑیں گے' فیصل جمالی

بلوچستان کے پرامن ماحول کو خراب کرنے والے دہشت گرد عناصر کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا' صوبائی وزیر لائیوسٹاک

دہشتگردی اور بدامنی کے ذریعے صوبے کی ترقی کا راستہ روکنے کی ہر کوشش ناکام بنا دیں گے

بلوچستان کی عوام وعسکری قیادت ایک پیج پر ہیں' دہشت گردوں کیلئے بلوچستان کی سرزمین تنگ کر دی گئی ہے' مشرق سے گفتگو

اوستہ محمد (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنماء وصوبائی وزیر لائیوسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ عوام کی جان ومال کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے، بلوچستان کے پرامن ماحول کو خراب کرنے والے دہشت گرد عناصر کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا امن وامان کے قیام کیلئے حکومت تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے، عوام کو کسی صورت دہشت .... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے جمعیت کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع ملاقات کر رہے ہیں

عوامی مفاد کی مخالفت کرنے والوں کا راستہ روکیں گے' لشکری رئیسانی

سینٹ گیبرئیل اسکول کی اراضی اقلیت کیلئے وقف اس پر قبضہ کی مذمت کرتے ہیں' سینئر سیاستدان

کوئٹہ ایک بحران وجنگ زدہ شہر کا منظر پیش کر رہا ہے' کمیونیٹیز کے وفد سے گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) سینئر سیاستدان وسابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ سینٹ گیبرئیل پرائمری اسکول کی زمین پر قبضے، الاٹمنٹ کی مذمت، اقلیتوں کے حقوق کا ہر فورم پر دفاع کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسمبلی میں بیٹھ کر عوامی مفاد کی مخالفت کرنے والوں کا راستہ روکیں گے یہ بات انہوں نے چوہدری رام چند ایڈووکیٹ، سودام چند، روفن، کیون، گر بخش ودیگر پر مشتمل ہندو اور کرسچن کمیونٹیز کے نمائندہ وفد سے پیر کے روز سراوان ہاؤس میں ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کہی وفد نے نوابزادہ حاجی میر .... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ مشتبہ گاڑی سے اسلحہ، منشیات اور جعلی میڈیا کارڈ برآمد ملزم گرفتار

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پشتون آباد پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ایک مشتبہ گاڑی سے اسلحہ، منشیات اور میڈیا کا جعلی کارڈ برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز ایس ایچ او پشتون آباد کی خصوصی ہدایت پر پولیس نے دوران چیکنگ ایک مشکوک گاڑی کو روک کر اس سے غیر قانونی اسلحہ، میڈیا کا جعلی اور منشیات برآمد کر کے قبضے میں لیکر ملزم کو گرفتار کرکے اس کے خلاف مقدمہ درج کرکے کارروائی شروع کردی۔

کراچی میں پشتونوں کا روزگار بند کرانا زیادتی ہے' یونس عزیز زہری

واقعہ میں ملوث کرداروں کے خلاف فوری کارروائی کی جائے' زابد علی ریکی' حاجی اصغر علی ترین

پشتون تاجر برادری پر پولیس کا تشدد افسوسناک عمل ہے' رحمت صالح بلوچ' خیر جان بلوچ

کراچی/کوئٹہ (آن لائن) قائد حزب اختلاف بلوچستان اسمبلی میر جہالاوان میر یونس عزیز زہری، ایم پی اے حاجی میر زابد علی ریکی، ایم پی اے حاجی اصغر علی ترین نیشنل پارٹی کے سینئر رہنما ایم پی اے میر رحمت صالح بلوچ، ایم پی اے خیر جان بلوچ اور اپوزیشن سے تعلق رکھنے والے دیگر اراکین اسمبلی نے کراچی میں پشتون تاجر برادری پر سندھ پولیس کی جانب سے تشدد، تاجروں کو ناخوشگوار حالات میں کاروبار بند کرنے پر مجبور کرنے اور بلاجواز ہراساں .... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

بابائے بلوچستان ایک مکمل سیاسی فکر کی علامت تھے' نیشنل پارٹی

میر غوث بخش بزنجو مشکل ترین حالات میں بھی اپنے اصولی موقف سے پیچھے نہیں ہٹے' رحمت صالح بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما و بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے بابائے بلوچستان میر غوث بخش بزنجو کی قومی، وطنی اور جمہوری خدمات کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ آج ہم بابائے بلوچستان کی برسی ایسے حالات میں منا رہے ہیں جب ملک بالخصوص بلوچستان ایک بار پھر سیاسی بے یقینی، جمہوری بحران، معاشی مشکلات اور قومی حقوق کے اہم سوالات سے دوچار ہے۔ ایسے وقت میں .... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

ایران کو مکہ معاہدے کے خدوخال سے آگاہ کرنا خوش آئند ہے' محمد عبدالقادر

مکہ دفاعی معاہدے میں ایران کی ممکنہ شمولیت بڑی کامیابی ہوگی' سینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ رواں ماہ ایرانی اسپیکر پارلیمنٹ محمد باقر قالیباف اور وزیر خارجہ ڈاکٹر عباس عراقچی کا اسلام آباد دورہ خوش آئند اور مثبت پیش رفت ہے۔ ایرانی وفد کا دورہ پاکستان خطے میں تیزی سے تبدیل ہوتے سلامتی اور سفارتی منظرنامے کے تناظر میں غیرمعمولی اہمیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی جانب سے ایرانی قیادت کو پاکستان، ترکیہ اور سعودی .... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے حالات بہت جلد بہتر ہو جائیں گے' جمال شاہ کاکڑ

پارٹی سربراہ نے وزارت اعلیٰ کے ڈھائی سالہ معاہدے کی مدت پوری ہونے کے بعد بلوچستان حکومت لینے سے انکار کردیا' رکن قومی اسمبلی

مسلم لیگ (ن) کی ملک گیر اور عالمی سطح پر امن اور یکجہتی کیلئے کی جانے والی کاوشوں کی بدولت لوگ اس میں جوق در جوق شامل ہو رہے ہیں

میاں محمد نواز شریف ومیاں محمد شہباز شریف نے بلوچستان میں موجودہ سیٹ اپ کو برقرار رکھنے کا کہا ہے' پریس کانفرنس سے خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رکن قومی اسمبلی بلوچستان کے جنرل سیکرٹری جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان کے حالات بہت جلد بہتر ہو جائیں گے پارٹی سربراہ نے وزارت اعلیٰ کے ڈھائی سالہ معاہدے کی مدت پوری ہونے کے بعد بلوچستان حکومت لینے سے انکار کیا ہے اور موجودہ سیٹ اپ کو جاری رکھنے کا عندیہ دیا ہے۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز سابق اقلیتی وفاقی وزیر خلیل جارج .... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: بولان کالج آف نرسنگ اینڈ ہیلتھ سائنسز کے مختلف شعبوں کے دورے کے موقع پر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ و دیگر خطاب کر رہے ہیں

مستونگ: مسلح افراد کی فائرنگ سے 1 شخص ہلاک

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مستونگ میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو قتل کر دیا نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی پولیس کے مطابق گزشتہ روز ولی خان تھانہ کی حدود میں نامعلوم مسلح افراد نے کاریز عائشہ پڑنگ آباد کے مقام پر فائرنگ کرکے نوجوان عبدالمالک کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے۔ نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی جس کو ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیا گیا۔۔۔۔۔

پیپلز پارٹی کا (ن) لیگ کے حوالے سے نئی سیاسی حکمت عملی اپنانے کا فیصلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پیپلز پارٹی نے مسلم لیگ (ن) کے حوالے سے نئی سیاسی حکمت عملی اپنانے کا فیصلہ کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں آئینی عہدوں کے حصول کیلئے پیپلز پارٹی نے نئی سیاسی حکمت عملی اختیار کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ پی پی نے گورنر جی بی سے متعلق فیصلہ آزاد کشمیر میں حکومت سازی تک موثر کر دیا ہے

سہ ملکی مکہ معاہدہ خوش آئند ہے' ایوان صنعت وتجارت

معاہدہ برادر اسلامی ممالک کے درمیان باہمی تعاون کو مزید مستحکم کرے گا' محمد ایوب مریانی

جغرافیائی اعتبار سے بلوچستان پاکستان کا انتہائی اہم صوبہ ہے' حاجی اختر کاکڑ

کوئٹہ۔ ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ بلوچستان کے صدر حاجی محمد ایوب مریانی، سینئر نائب صدر حاجی اختر کاکڑ اور نائب صدر انجینئر میروائس خان کاکڑ نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مکہ مکرمہ میں ہونے والے تاریخی مشترکہ دفاعی معاہدے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ معاہدہ نہ صرف تینوں برادر اسلامی ممالک کے درمیان باہمی اعتماد اور تعاون کو مزید مستحکم کرے گا بلکہ خطے میں امن، استحکام اور معاشی ترقی کیلئے بھی ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان .... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

30,000 نوجوانوں کو ہنرمندی سے آراستہ کرنا ہے' بی ٹیوٹا

ادارے کو نوجوانوں کے وقت کے ضیاع اور پریشانی کا شدید احساس ودکھ ہے' حکام

کوئٹہ (خ ن) گزشتہ دنوں نوجوانوں کی جانب سے وزیراعلیٰ یوتھ سکل ڈویلپمنٹ اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ پروگرام کے حوالے سے کی جانے والی پریس کانفرنس اور اس میں اٹھائے گئے تحفظات پر بلوچستان ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (BTEVTA) اپنا واضح اور شفاف موقف پیش کرتی ہے۔ پریس کانفرنس میں صرف 1,500 نوجوانوں کا ذکر کیا گیا، جبکہ حقیقت یہ ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کا وژن صرف اس عدد تک محدود نہیں بلکہ صوبے کے 30,000 نوجوانوں کو بین الاقوامی معیاری ہنرمندی فراہم کر کے بیرون .... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: میٹروپولیٹن کارپوریشن کے پنشنرز پریس کلب کے سامنے مظاہرہ کر رہے ہیں

شہریوں کے جان ومال کا تحفظ پولیس کی بنیادی ذمہ داری ہے' محمد طاہر

اہلکاروں کی بہترین تربیت اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ امن وامان کے قیام میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے

پولیس ٹریننگ کالج میں سیکورٹی سمیت دیگر انتظامات کو مزید بہتر بنایا جائے، آئی جی پولیس کی دورہ کے موقع پر گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان محمد طاہر نے گزشتہ روز پولیس ٹریننگ کالج، تھانہ نیو سریاب، تھانہ محمود الرحمن سریاب، قاسم لائن اور اے ٹی ایف کمپلیکس مشرقی بائی پاس کا تفصیلی دورہ کیا اس موقع پر انہوں نے سیکورٹی سمیت دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ پولیس ٹریننگ کالج دورے کے موقع پر آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر کو کمانڈنٹ پولیس ٹریننگ کالج ڈاکٹر فرحان زاہد نے مختلف امور، سیکورٹی انتظامات اور تربیتی سرگرمیوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے پولیس ٹریننگ کالج میں سیکورٹی سمیت .... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

بلدیاتی ضمنی انتخابات یونین کونسل اپوزئی وارڈ نمبر 3 سے جمعیت ف کے انور شاہ کامیاب

ژوب (آن لائن) بلدیاتی ضمنی انتخابات یونین کونسل اپوزئی کے وارڈ نمبر 3 پر جمعیت ف کے انور شاہ 47 ووٹ لیکر کامیاب ہو گئے پشتونخوا میپ کے امیدوار عبدالرزاق دوسرے نمبر پر رہے جبکہ یونین کونسل نمبر 14 زہروزئی وارڈ نمبر 2 میں جمعیت کے امیدوار ولی خان 134 ووٹ لیکر کامیاب ہو گئے جبکہ آزاد امیدوار عبدالمنان 89 ووٹ لیکر دوسرے نمبر پر رہے اسی طرح کلی شیخان میں ضمنی انتخاب لڑنے والے امیدوار پہلے سے بلا مقابلہ کامیاب ہوئے ہیں پولنگ کا عمل صبح شروع اور 5 بجے تک پرامن جاری رہا سیکورٹی کے سخت انتظامات کئے گئے تھے۔

کسی ملک کو طاقت کے زور پر توڑنا آسان نہیں' ظہور بلیدی

والدین اپنے بچوں کی تعلیم وتربیت پر خصوصی توجہ اور ان کی سرگرمیوں پر نظر رکھیں' صوبائی وزیر

مسلح تحریکیں ختم ہو کر رہتی ہیں' بلیدہ میں تعلیمی کانفرنس سے خطاب

بلیدہ (آن لائن) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ والدین اپنے بچوں کی تعلیم وتربیت پر خصوصی توجہ دیں اور ان کی سرگرمیوں پر نظر رکھیں تاکہ نئی نسل کو منفی سرگرمیوں اور بے مقصد جنگ کا ایندھن بننے سے محفوظ رکھا جا سکے نوجوان اپنی تعلیم اور مستقبل پر توجہ مرکوز کریں، کیونکہ مسلح تحریکیں بالآخر ختم ہو کر رہتی ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنمنٹ شہید ایوب بلیدی ڈگری کالج بلیدہ میں منعقدہ تعلیمی کانفرنس .... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

زرعی پانی کی قلت' جھڈیر شاخ کے زمیندار وکسان سراپا احتجاج

صحبت پور ڈیرہ اللہ یار روڈ بلاک' مظاہرین کے محکمہ آبپاشی کے خلاف نعرے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) زرعی پانی کی قلت جھڈیر شاخ کے سینکڑوں زمیندار اور کسان سراپا احتجاج صحبت پور ڈیرہ اللہ یار روڈ کو بلاک کر دیا گیا محکمہ آبپاشی کے خلاف نعرے بازی پانی کی فراہمی کا مطالبہ رکن بلوچستان اسمبلی انجنیئر مجید بادینی کی بھی آمد مظاہرین سے مذاکرات روڈ کھلوا دی گئی تفصیلات کے مطابق جھڈیر شاخ میں زرعی پانی کی قلت کے خلاف میر نصیب اللہ خان کھوسو کی قیادت میں سینکڑوں زمیندار اور کاشتکاروں .... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

راولپنڈی' معزز عدالت نے منشیات سپلائر کو سزا سنادی

راولپنڈی (زاہد احمد خان) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ، معزز عدالت نے منشیات سپلائر کو سزا سنادی، مجرم شاکر کو 9 سال قید اور 1 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی۔ تفصیلات کے مطابق معزز عدالت نے منشیات سپلائر کو سزا سنادی، مجرم شاکر کو 9 سال قید اور 1 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، مجرم سے 3 کلو 780 گرام چرس برآمد ہونے پر تھانہ نیوٹاؤن پولیس نے اکتوبر 2024ء میں گرفتار کیا تھا۔۔۔۔۔

روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس میں جولائی کے دوران 28 کروڑ 20 لاکھ ڈالر موصول

کراچی (بیورو رپورٹ) اسٹیٹ بینک نے روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس سے متعلق تازہ اعداد وشمار جاری کر دیے۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق رواں سال جولائی میں روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس کے ذریعے 28 کروڑ 20 لاکھ ڈالر پاکستان موصول ہوئے۔ مرکزی بینک کے مطابق جولائی 2026ء تک روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس کے ذریعے مجموعی آمد 13 ارب 65 کروڑ ڈالر تک پہنچ گئی ہے۔

نیٹ سروس کی بندش سے شہری مشکلات سے دوچار ہیں' مولانا عبدالرحمان رفیق

حکومت آئے روز نئی پابندیوں کے ذریعے بلیک میل کرنے کا وطیرہ ترک کرے' عین اللہ شمس

امن وامان کے نام پر صوبے کے عوام کو اجتماعی سزا دینا قبول نہیں' مولانا خورشید احمد

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمان رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مفتی محمد روزی خان بادیزئی، مولانا محمد شعیب جدون، رحیم الدین ایڈووکیٹ اور مولانا محمد عارف شمشیر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ آئے روز نیٹ سروس، موبائل سروس اور دیگر بنیادی سہولیات .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی بلال خان کاکڑ سے ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ آٹے کی قیمتوں میں اضافہ 50 کلو کا تھیلا 7000 سے تجاوز کر گیا

متوسط طبقہ پہلے ہی مہنگائی کے باعث شدید مالی دباؤ کا شکار ہے آٹے کی قیمت میں اضافہ سے مشکلات بڑھ گئیں

اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کو کنٹرول کرنا ضلعی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے، پرائس کنٹرول کا نظام کہیں دکھائی نہیں دیتا' شہری

[illegible] .... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

ایران عمان معاہدہ، عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں بڑھ گئیں

[illegible]

[illegible]

ژوب' ہائیر سیکنڈری اسکول علی خان زئی کے اساتذہ ڈیوٹی سے غائب

طلباء کا قومی شاہراہ بند کر کے احتجاج' ٹریفک معطل' مسافر پریشان

[illegible] .... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

سنجاوی میں پولیس چوکی کو بارودی مواد سے تباہ کرنا بزدلانہ فعل ہے، نورمحمد دمڑ

دہشتگرد ریاست اور عوام کے امن کو سبوتاژ کرنا چاہتے ہیں

حکومت صوبے میں دہشتگردی کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم ہے' صوبائی وزیر خوراک

[illegible] .... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

ایرانی صدر کے استعفے کا معاملہ ٹل گیا، سپریم لیڈر سے ملاقات، افواہیں دم توڑ گئیں

ایرانی ریال، غیرملکی زرمبادلہ وتوانائی کے اخراجات کے انتظام اور ملک کے اقتصادی اور فوجی امور پر اہم مشاورت کی گئی

[illegible] .... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

[illegible]

ن لیگ دو تہائی اکثریت سے آزاد کشمیر میں حکومت بنائیگی' رانا ثناء اللہ

دھرنا دینے والے آزاد کشمیر میں الیکشن نہیں روک سکے، دشمن کے ہاتھوں میں کھیلنے والوں کو قانون کا سامنا کرنا پڑے گا، مشیر وزیراعظم

منتخب حکومت جائز مطالبات پر ضرور نظرثانی کریگی، پیپلز پارٹی والے دھاندلی کے الزامات لگاتے رہے، ثبوت نہیں دے سکے، امیر مقام

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) دو تہائی اکثریت سے آزاد کشمیر میں حکومت بنائے گی، دھرنا دینے والے آزاد کشمیر میں الیکشن نہیں روک سکے، دشمن کے ہاتھوں میں کھیلنے والوں کو قانون کا سامنا کرنا پڑے گا۔ منتخب حکومت جائز مطالبات پر ضرور نظرثانی کرے گی، پیپلز پارٹی کے دوست دھاندلی کے الزامات لگاتے رہے، ثبوت نہیں دے سکے، الزام تراشی کرنے والوں نے رات سے سکرپٹ بنایا ہوا تھا۔ پیر کو آزاد جموں وکشمیر کونسل اسلام آباد میں مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب .... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان ڈویژنل اور ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسران کے پرفارمنس انڈیکیٹرز (KPIs) سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

میر شعیب نوشیروانی کا بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے دفتر کا دورہ

حکومت سرمایہ کاروں کیلئے سازگار ماحول کی فراہمی پر توجہ دے رہی ہے' صوبائی وزیر خزانہ

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر خزانہ، مائنز ومنرل ڈویلپمنٹ میر شعیب نوشیروانی نے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے دفتر کا دورہ کیا اور وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ سے ملاقات کی اس موقع پر سابق وزیراعلیٰ بلوچستان میر علاؤالدین مری بھی موجود تھے، ملاقات میں بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ، بالخصوص مائنز ومنرلز کے شعبے میں موجود وسیع امکانات، سرمایہ کاروں کو سہولیات کی فراہمی اور پائیدار معاشی ترقی سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال .... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

سوات، چیک پوسٹ پر دہشت گردوں کا حملہ ناکام

سوات (م ڈ) خیبر پختونخوا کے ضلع سوات میں پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے چیک پوسٹ پر دہشتگردوں کا حملہ ناکام بنا دیا۔ پولیس ترجمان کے مطابق سوات کے علاقے چارباغ کوکاری آبشار میں پولیس چیک پوسٹ پر فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کا حملہ ناکام بنایا گیا

کوئٹہ' سریاب روڈ پر مسلح افراد کی گاڑی پر فائرنگ سے 1 شخص جاں بحق

فائرنگ سے غلام فاروق موقع پر جاں بحق' دوست معجزانہ طور پر محفوظ رہا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سریاب روڈ پر افراد کی گاڑی پر فائرنگ ایک شخص جاں بحق جبکہ دوسرا معجزانہ طور پر محفوظ رہا پولیس کے مطابق سریاب کا رہائشی غلام فاروق اپنے دوست کے ہمراہ گاڑی سے گھر جا رہا تھا کہ سریاب روڈ پر نامعلوم موٹرسائیکل سواران پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے فائرنگ سے غلام فاروق موقع پر ہی جاں بحق جبکہ دوست معجزانہ طور پر محفوظ رہا اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو ہسپتال پہنچا کر ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے .... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

محکمہ صحت بلوچستان و LUMS کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

حکومت بلوچستان ماں و بچے کو فراہم کی جانے والی خدمات کو بہتر بنانے کیلئے پرعزم ہے' سیکرٹری صحت

کوئٹہ + لاہور (این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ کی ہدایت پر سیکرٹری محکمہ صحت، حکومت بلوچستان، مجیب الرحمان اور LUMS کے پرووسٹ وقائم مقام وائس چانسلر ڈاکٹر طارق جدون نے بلوچستان میں صحت عامہ، بالخصوص ماں، نومولود اور بچے کی صحت کے شعبے میں مصنوعی ذہانت کے استعمال کو فروغ دینے کیلئے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے۔ اس اشتراک کے تحت گیٹس فاؤنڈیشن کے تعاون سے LUMS میں قائم کیے جانے والے نیشنل آرٹیفیشل انٹیلیجنس ہب کی فنی اور تحقیقی صلاحیتوں سے استفادہ کرتے ہوئے .... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

کمیشن کے ذریعے بھرتیوں کا عمل فوری بحال کیا جائے' اے این پی

بلوچستان پبلک کمیشن کی جانب سے نئی آسامیوں کا اشتہار جاری نہ ہونے کے باعث تعلیم یافتہ نوجوان پریشان ہیں

حکومت کی ذمہ داری ہے وہ میرٹ اور شفاف طریقہ کار کے تحت نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع فراہم کرے' صوبائی بیان

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں سرکاری ملازمتوں کیلئے بلوچستان پبلک سروس کمیشن کے ذریعے بھرتیوں کے عمل میں مسلسل تاخیر پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے کہ کمیشن کے ذریعے بھرتیوں کا عمل فوری طور پر بحال کیا جائے اور سال 2026-27ء کیلئے جنرل اے ٹی ایڈورٹائزمنٹ نوٹیفکیشن کا اجراء بلا تاخیر یقینی بنایا جائے بلوچستان کے ہزاروں تعلیم یافتہ نوجوان سرکاری ملازمتوں کے حصول کیلئے بلوچستان پبلک سروس کمیشن سے امیدیں وابستہ کئے ہوئے ہیں تاہم گزشتہ تقریباً تین ماہ سے .... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

عوامی مسائل کا حل اولین ترجیح ہے' حاجی ملک شاہ گورگیج

مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے' رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء رکن قومی اسمبلی حاجی ملک شاہ گورگیج نے کہا کہ عوامی مسائل کا حل ان کی اولین ترجیح ہے اور متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر شہریوں کی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کر کے انہیں مشکلات سے چھٹکارا دلائیں گے تاکہ انہیں بنیادی سہولیات میسر آسکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز تربت میں منعقدہ عوامی کھلی کچہری کے موقع پر سائلین سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کیچ .... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

پارٹی کے تنظیمی ڈھانچے کو ہر سطح پر فعال بنائیں گے' پشتونخوا نیپ

پشتونخوا نیپ نے ہمیشہ پشتونخوا وطن کے عوام کے حقوق کیلئے اصولی جدوجہد کی' سید قادر آغا ایڈووکیٹ

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کی تنظیمی بنیادوں کو مزید مضبوط، فعال اور منظم بنانے، عوامی رابطوں کو وسعت دینے، سیاسی وتنظیمی سرگرمیوں میں تسلسل پیدا کرنے اور پارٹی کے تنظیمی ڈھانچے کو ہر سطح پر مزید موثر بنانے کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے جائیں گے پارٹی کارکنان عوام کے ساتھ اپنے روابط مزید مستحکم کرتے ہوئے پشتونخوا وطن کے عوام کو درپیش قومی، سیاسی، معاشی اور سماجی مسائل کو اجاگر کرنے اور ان کے حل کیلئے بھرپور سیاسی و .... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

احتجاج جاری' بلوچستان بھر سے لوڈنگ وان لوڈنگ کا سلسلہ مکمل بند

حکومت کے ساتھ مذاکرات کا سلسلہ جاری ہے' بلوچستان گڈز ٹرک اونرز

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کی جانب سے آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہوئے آج تیسرے روز بھی بلوچستان بھر میں ہائی وے گڈز ٹرانسپورٹ، لوڈنگ اور ان لوڈنگ کا سلسلہ مکمل طور پر بند رہا، جبکہ احتجاجی ہڑتال بھی جاری ہے۔ ایسوسی ایشن کے مطابق ہڑتال کے حوالے سے ابھی تک کوئی حتمی فیصلہ نہیں کیا گیا۔ دوسری جانب حکومت پاکستان کے ساتھ مطالبات کے حوالے سے مذاکرات کا سلسلہ بھی وقفے وقفے سے جاری ہے۔ ایسوسی ایشن کا کہنا ہے کہ مذاکرات کے نتائج .... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

سکولوں میں اساتذہ کی دستیابی معیاری تعلیم کیلئے ناگزیر ہے' مولانا ہدایت الرحمن

تعلیمی اداروں میں اٹیچ منٹ کا سلسلہ ختم 'اساتذہ ودیگر ملازمین کو انکی تعیناتی پر واپس بلایا جائے' صوبائی امیر جماعت اسلامی

تعلیمی اداروں میں دینی، اخلاقی اور تربیتی سرگرمیوں کا فروغ طلبہ کی شخصیت سازی کیلئے انتہائی اہم ہے' ڈی ای او گوادر سے ملاقات میں گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کی ڈی ای او گوادر سے ملاقات، اٹیچمنٹ ختم کر کے اساتذہ کو اصل تعیناتی پر بھیجنے کی ہدایت امیر جماعت اسلامی بلوچستان، قائد حق دو تحریک وایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر زاہد بلوچ سے ان کے دفتر میں ملاقات کی جس میں محکمہ تعلیم گوادر کے اعلیٰ افسران بھی موجود تھے ملاقات کے دوران ضلع گوادر میں تعلیمی امور، اسکولوں میں اسٹاف کی دستیابی اور دیگر اہم مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے ضلع بھر میں ٹیچنگ اور نان ٹیچنگ اسٹاف کی اٹیچمنٹ پر تعیناتیوں پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے واضح ہدایت دی کہ تمام اٹیچمنٹس ختم کر کے ملازمین کو ان کی اصل جائے تعیناتی پر واپس بھیجا جائے انہوں نے کہا کہ متعدد اسکولوں میں اساتذہ اور دیگر عملے کی کمی ایک اہم مسئلہ ہے۔ .... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمان رفیق صوبائی مجلس عمومی کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

کلی بغاؤ میں پولیس چوکی پر حملہ قابل مذمت ہے، سردار یعقوب ناصر

قانون نافذ کرنے والے ادارے حملہ آوروں کیخلاف آپریشن میں مصروف ہیں' رکن قومی اسمبلی

لورالائی (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما وایم این اے وسابق وفاقی وزیر سردار یعقوب خان ناصر نے سنجاوی کے علاقے کلی بغاؤ میں پولیس چوکی پر ہونے والے دہشتگرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ "دہشتگرد عناصر ریاست اور عوام کے امن کو سبوتاژ کرنا چاہتے ہیں۔ کلی بغاؤ میں پولیس چوکی کو بارودی مواد سے تباہ کرنا بزدلانہ کارروائی ہے۔ شکر ہے کہ اس حملے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا" انہوں نے کہا کہ وفاق وحکومت بلوچستان دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہے۔ قانون .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

پاک امریکہ تجارت، سرمایہ کاری، اقتصادی تعاون آگے بڑھانے پر اتفاق

وزراء کے گھریلو جھگڑوں کی وجہ سے پیپلز پارٹی کو نشانہ بنایا جا رہا ہے، اصل نشانہ وفاقی حکومت ہے، سینیٹر پلوشہ خان

اگر آزاد کشمیر انتخابات کو سیاہ ترین دھبہ قرار دیا جائے تو بے جا نہیں ہوگا، شہلا رضا اور شرمیلا فاروقی کی گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنماؤں پلوشہ خان، شہلا رضا اور شرمیلا فاروقی نے کشمیر کے حالیہ انتخابات میں مبینہ دھاندلی، انتخابی بے ضابطگیوں، پولنگ کے عمل میں رکاوٹوں اور امن وامان کی صورتحال پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر کشمیر انتخابات کو سیاہ ترین دھبہ قرار دیا جائے تو بے جا نہیں ہوگا۔ پلوشہ خان نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انتخابات کو پرامن قرار دینا سفید جھوٹ ہے، پولنگ کا عمل روکنا اور پھر اسے معمولی واقعہ قرار دینا حکمرانوں کی سیاسی خصلت بن چکی ہے، مسلم لیگ (ن) کو .... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

آئی جی پولیس محمد طاہر پولیس ٹریننگ کالج کا دورہ کر رہے ہیں اس موقع پر ڈی آئی جی پولیس عمران شوکت بھی موجود ہیں

میر رضا کے قتل کے بعد سے اس کا بزنس پارٹنر غائب، والد کا انکشاف

وزیر داخلہ اور میئر کراچی آئے تھے، انہوں نے جوڈیشل کمیشن بنانے کا کہا ہے

کراچی (م ڈ) نوجوان تاجر میر رضا کے والد نے انکشاف کیا ہے کہ بیٹے کے قتل کے بعد سے اس کا بزنس پارٹنر غائب ہے، گیسٹ ہاؤس کے ملازمین سے کیا تحقیقات ہوئیں، ہمیں نہیں بتایا جا رہا۔ نیوز کے مطابق میر رضا قتل کیس کے سلسلے میں مقتول کے والد حسین نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ وزیر داخلہ اور میئر کراچی کل آئے تھے، انہوں نے جوڈیشل کمیشن بنانے کا کہا، ہم نے کہا سوچ کر بتائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ ہمیں نئی تحقیقاتی کمیٹی پر .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

سنجاوی میں پولیس کی خالی چیک پوسٹ دھماکے سے تباہ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان کے علاقے سنجاوی میں نامعلوم مسلح افراد نے پولیس کی خالی چوکی کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا جس سے چوکی تباہ ہو گئی تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا ذرائع کے مطابق گزشتہ روز نامعلوم ملزمان نے سنجاوی کے علاقے کلی بغاؤ میں پولیس کی خالی چوکی میں دھماکہ خیز مواد نصب کر کے اسے اڑا دیا جس سے چوکی تباہ ہو گئی تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔۔۔۔۔

ٹرمپ ایران جنگ ہار چکے ہیں: ڈیموکریٹک سینیٹر کرس مرفی

آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کے لیے معاہدے کی حمایت کروں گا

واشنگٹن (م ڈ) ڈیموکریٹک سینیٹر کرس مرفی کا کہنا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ ایران کے ساتھ یہ جنگ ہار چکے ہیں۔ ان کا موقف ہے کہ جنگ جاری رہنے سے واشنگٹن کمزور جبکہ تہران مزید مضبوط ہو رہا ہے۔ کرس مرفی نے این بی سی نیوز کو بتایا کہ میں جنگ ختم کرنے اور آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کے لیے ایک خراب معاہدے کی بھی حمایت کروں گا۔ ان کا کہنا ہے کہ مذاکرات تعطل کا شکار رہنے کے باعث اس اہم آبی گزرگاہ کو دوبارہ کھولنے کی .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

جاری نجکاری کے عمل کو تیز کیا جائے، چیئرمین بزنس کونسل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان بزنس کونسل (پی بی سی) کے نو منتخب چیئرمین زیاد بشیر نے حکومت پر زور دیا ہے کہ جاری نجکاری کے عمل کو تیز کیا جائے اور تمام خسارے میں چلنے والے سرکاری اداروں (ایس او ایز) کو 12 ماہ کے اندر نجی شعبے کے حوالے کیا جائے۔ بزنس ریکارڈر سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے زیاد بشیر، جنہوں نے گزشتہ ہفتے پی بی سی کے چیئرمین کا عہدہ سنبھالا، نے حکومت کے نجکاری پروگرام کی رفتار کو "انتہائی سست" قرار دیا۔ جب ان سے پوچھا گیا کہ ملکی معیشت کی سمت درست کرنے کے لیے حکومت کو کون سی اہم ترین اصلاحات کرنی چاہئیں۔۔۔

طلبہ کو بروقت تعلیمی مواد کی فراہمی اولین ترجیح ہے: ڈاکٹر ناصر محمود

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے داخلوں کیساتھ درسی کتب کی ترسیل شروع کر دی ہے

اسلام آباد (شاکر رحمان) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے طلبہ کو بروقت تعلیمی سہولیات کی فراہمی کے عزم کو عملی جامہ پہناتے ہوئے ایک نئی مثال قائم کر دی ہے۔ وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود کی خصوصی ہدایات پر سمسٹر خزاں 2026ء کے داخلوں کا عمل جاری رہتے ہی داخلہ لینے والے طلبہ کو درسی کتب کی ترسیل بھی شروع کر دی گئی ہے۔ یونیورسٹی کی تاریخ میں یہ پہلی مرتبہ ہے کہ داخلے جاری ہونے کے ساتھ ہی طلبہ کو درسی کتب کی فراہمی .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان ہمارا وطن اس کا تحفظ ہم سب کا فرض ہے' جمعیت نظریاتی

ملک کے بینکوں میں سودی نظام رائج 'جو اللہ پاک سے اعلان جنگ کے مترادف ہے' مولانا عبدالقادر لونی' مفتی شفیع الدین

اکیسویں صدی میں بھی بلوچستان کے عوام صحت، تعلیم اور زندگی کی تمام تر بنیادی سہولیات سے محروم ہیں' مولانا محمود الحسن قاسمی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری شفیع الدین مرکزی ڈپٹی سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی اور دیگر نے کہا کہ پاکستان ہمارا ملک اور وطن ہے اور اپنے ملک وطن کا تحفظ ہم سب کا فرض ہے اور آزادی بہت بڑی نعمت ہے اور آزادی کی نعمت وہ لوگ جانتے ہیں جو دوسروں کی غلامی دیکھ کر آزاد ہو چکے ہیں اور پاکستان کا 79 واں یوم آزادی منایا جا رہا ہے انگریز چلا گیا اور 78 سال گزرنے کے باوجود ہمارے ملک .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر